FB.COM/WISDOMGATEWAYPRODUCTION
SHIATV.NET/U/WISDOMGATEWAY
WISDOMGATEWAY.ORG



# دعائے روز عرفہ

## مکمل اردو ترجمہ کے ساتھ

یوم عرفہ کے موقع پر سید الشہداء امام حسین علیہ السلام کی مشہور و معروف دعا

حوالہ: البلد الامین (کفعمی)، مصباح الزائر (سید بن طاؤس)، بحار الانوار (علامہ مجلسی)، مفاتیح الجنان (شیخ عباس قمی)

WISDOMGATEWAY.ORG

# دعای روز عرفہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَلْحَمْدُ اللّٰہِ الَّذِی لَیْسَ لِقَضَآئِہٖ دَافِعٌ
وَ لاَ لِعَطَائِہٖ مَانِعٌ وَ لاَ کَصُنْعِہٖ صُنْعُ
صَانِعٍ وَ ھُوَ الْجَوَادُ الْوَاسِعُ فَطَرَ
اَجْنَاسَ الْبَدَائِعِ وَ اَتْقَنَ بِحِکْمَتِہٖ
الصَّنَائِعَ

حمد ہے خدا کے لیے جس کے فیصلے کو کوئی
بدلنے والا نہیں کوئی اس کی عطا روکنے والا
نہیں اور کوئی اس جیسی صنعت والا نہیں اور
وہ کشادگی کیساتھ دینے والا ہے اس نے قسم
قسم کی مخلوق بنائی اور بنائی ہوئی چیزوں کو
اپنی حکمت سے محکم کیا

# دعای روزِ عرفہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

لا تَخۡفی عَلَيۡهِ الطَّلايِعُ وَلا تَضيعُ
عِنۡدَهُ الۡوَدائِعُ جازی کُلِّ صانِعٍ
وَرائِشُ کُلِّ قانِعٍ وَراحِمُ کُلِّ ضارِعٍ
وَمُنۡزِلُ الۡمَنافِعِ وَالۡکِتابِ الۡجامِعِ

دنیا میں آنے والی کوئی چیز اس سے پوشیدہ نہیں اس کے ہاں کوئی امانت ضائع نہیں ہوتی وہ ہر کام پر جزا دینے والا ہے وہ ہر قانع کو زیادہ دینے والا اور ہر نالاں پر رحم کرنے والا ہے وہ بھلائیاں نازل کرنے والا اور چمکتے نور کے ساتھ مکمل و کامل کتاب اتارنے والا ہے

WISDOMGATEWAY.ORG

دعای روز عرفہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

بِالنُّورِ السّاطِعِ وَهُوَ لِلدَّعَواتِ سامِعٌ وَلِلْكُرُباتِ دافِعٌ وَلِلدَّرَجاتِ رافِعٌ وَ لِلْجَبابِرَةِ قامِعٌ،

وہ لوگوں کی دعاؤں کا سننے والا لوگوں کے دکھ دور کرنے والا درجے بلند کرنے والا اور سرکشوں کی جڑ کاٹنے والا ہے

دعای روز عرفہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فَلا اِلٰهَ غَيْرُهُ وَلا شَيْءَ يَعْدِلُهُ وَلَيْسَ كَمِثْلِهِ شَيْءٌ وَهُوَ السَّمِيعُ الْبَصِيرُ اللَّطِيفُ الْخَبِيرُ وَهُوَ عَلى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ

پس اس کے سوا کوئی معبود نہیں کوئی چیز اس کے برابر کوئی چیز اس کے مانند نہیں اور وہ سننے والا دیکھنے والا ہے باریک بین خبر رکھنے والا ہے اور وہی ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے

دعای روز عرفہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَللّٰهُمَّ اِنّی اَرْغَبُ اِلَیْكَ وَ اَشْهَدُ بِالرُّبُوبِيَّةِ لَكَ مُقِرّاً بِاَنَّكَ رَبّی وَ اِلَیْكَ مَرَدّی اِبْتَدَاْتَنی بِنِعْمَتِكَ قَبْلَ اَنْ اَكُونَ شَيْئاً مَذْكُوراً

اے اللہ! بے شک میں تیری طرف متوجہ ہوا ہوں تیرے پروردگار ہونے کی گواہی دیتا اور مانتا ہوں کہ تو میرا پالنے والا ہے اور تیری طرف لوٹا ہوں کہ تو نے مجھ سے اپنی نعمت کا آغاز کیا اس سے پہلے کہ میں وجود میں آتا

# دعای روز عرفه

بسم الله الرحمن الرحیم

وَخَلَقْتَنی مِنَ التُّرابِ ثُمَّ اَسْكَنْتَنِی
الْاَصْلابَ آمِناً لِرَيْبِ الْمَنُونِ
وَاخْتِلافِ الدُّهُورِ وَالسِّنينَ،

اور تو نے مجھ کو مٹی سے پیدا کیا پھر بڑوں کی
پشتوں میں جگہ دی مجھے موت سے اور ماہ
وسال میں آنے والی آفات سے امن دیا

# دعائے روزِ عرفہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فَلَمْ اَزَلْ ظاعِناً مِنْ صُلْبٍ اِلی رَحِمٍ فی تَقادُمٍ مِنَ الاَیّامِ الْماضِیَةِ وَ الْقُرُونِ الْخالِیَةِ لَمْ تُخْرِجْنی لِرَاْفَتِكَ بی وَلُطْفِكَ لی وَاِحْسانِكَ اِلَیَّ فی دَوْلَةِ اَئِمَّةِ الْكُفْرِ الَّذینَ نَقَضُوا عَهْدَكَ وَ كَذَّبُو

پس میں پے در پے ایک پشت سے ایک رحم میں آیا ان دنوں میں جو گزرے ہیں اور ان صدیوں میں جو بیت چکی ہیں تو نے بوجہ اپنی محبت و مہربانی کے مجھ پر احسان کیا اور مجھے کافر بادشاہوں کے دور میں پیدا نہیں کیا کہ جنھوں نے تیرے فرمان کو توڑا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

رُسُلَكَ لكِنَّكَ اَخْرَجْتَنى لِلَّذى سَبَقَلى مِنَ الْهُدَى الَّذى لَهُ يَسَّرْتَنى وَ فيهِ اَنْشَاءْتَنى وَ مِنْ قَبْلِ ذلِكَ رَؤُ فْتَ بى بِجَميلِ صُنْعِكَ وَ سَوابِغِ نِعَمِكَ

اور تیرے رسولوں کو جھٹلایا لیکن تو نے مجھ کو اس زمانے میں پیدا کیا جس میں تھوڑے عرصے میں مجھے ہدایت میسر آگئی کہ اس میں تو نے مجھے پالا اور اس سے پہلے تو نے اچھے عنوان سے میرے لیے محبت ظاہر فرمائی اور بہترین نعمتیں عطا کیں

# دعائے روز عرفہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فَابْتَدَعْتَ خَلْقِى مِنْ مَنِيٍّ يُمْنى
وَ اَسْكَنْتَنى فى ظُلُماتٍ ثَلاثٍ بَيْنَ لَحْمٍ
وَدَمٍ وَجِلْدٍ لَمْ تُشْهِدْنى خَلْقى،

پھر میرے پیدا کرنے کا آغاز ٹپکنے والے آب حیات سے کیا اور مجھ کو تین تاریکیوں میں ٹھرادیا یعنی گوشت خون اور جلد کے نیچے جہاں میں نے بھی اپنی خلقت کو نہ دیکھا

دعای روز عرفه

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَلَمْ تَجْعَلْ اِلَيَّ شَيْئاً مِنْ اَمْرى ثُمَّ اَخْرَجْتَنى لِلَّذى سَبَقَ لى مِنَ الْهُدى اِلَى الدُّنْيا تآمّاً سَوِيّاً وَحَفِظْتَنى فِى الْمَهْدِ طِفْلاً صَبِيّاً وَرَزَقْتَنى مِنَ الْغِذآءِ لَبَناً مَرِيّاً

اور تو نے میرے اس معاملے میں سے کچھ بھی مجھ پر نہ ڈالا پھر تو نے مجھے رحم مادر سے نکالا کہ مجھے ہدایت دے کر دنیا میں درست و سالم جسم کے ساتھ بھیجا اور گھوارے میں میری نگہبانی کی جب میں چھوٹا بچہ تھا تو نے میرے لیے تازہ دودھ کی غذا بہم پہنچائی

بسم الله الرحمن الرحيم

وَعَطَفْتَ عَلَىَّ قُلُوبَ الْحَواضِنِ
وَكَفَّلْتَنى الاُمَّهاتِ الرَّواحِمَ وَكَلاَتَنى
مِنْ طَوارِقِ الْجآنِّ وَسَلَّمْتَنى مِنَ
الزِّيادَةِ وَالنُّقْصانِ فَتَعالَيْتَ يارَحيمُ
يارَحْمنُ

اور دودھ پلانے والیوں کے دل میرے لیے
نرم کردیے تو نے مہربان ماؤں کو میری
پرورش کا ذمہ دار بنایا جن و پری کے آسیب
سے میری حفاظت فرمائی اور مجھے ہر قسم کی
کمی بیشی سے بچائے رکھا پس تو برتر ہے اے
مہربان اے عطاؤں والے

دعای روز عرفہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حَتّٰى اِذَا اسْتَهْلَلْتُ نَاطِقاً بِالْكَلَامِ، اَتْمَمْتَ عَلَيَّ سَوَابِغَ الْاِنْعَامِ

یہاں تک کہ میں باتیں کرنے لگا اور یوں تو نے مجھے اپنی بہترین نعمتیں پوری کر دیں

# دعای روزِ عرفہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَ رَبَّيْتَنى زايِداً فى كُلِّ عامٍ حَتّى إذَا اكْتَمَلَتْ فِطْرَتى وَ اعْتَدَلَتْ مِرَّتى اَوْجَبْتَ عَلَىَّ حُجَّتَكَ بِاَنْ اَلْهَمْتَنى مَعْرِفَتَكَ وَرَوَّعْتَنى بِعَجائِبِ حِكْمَتِكَ

اور ہر سال میرے جسم کو بڑھایا حتی کہ میری جسمانی ترقی اپنے کمال تک پہنچ گئی اور میری شخصیت میں توازن پیدا ہوگیا تو مجھ پر تیری حجت قائم ہوگئی اس لیے کہ تو نے مجھے اپنی معرفت کرائی اور اپنی عجیب عجیب حکمتوں کے ذریعے مجھے خائف کردیا

# دعای روز عرفہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَ اَيْقَظْتَنى لِماذَرَاْتَ فى سَمآئِكَ وَ اَرْضِكَ مِنْ بَدائِعِ خَلْقِكَ وَ نَبَّهْتَنى لِشُكْرِكَ وَذِكْرِكَ وَ اَوجَبْتَ عَلَىَّ طاعَتَكَ وَعِبادَتَكَ

اور مجھے بیدار کیا ان چیزوں کے ذریعے جو تو نے آسمان و زمین میں عجیب طرح سے خلق کیں اسطرح مجھے اپنے شکر اور ذکر سے آگاہ کیا اور مجھ پر اپنی فرمانبرداری اور عبادت لازم فرمائی

# دعای روز عرفہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَ فَهَّمْتَنِی مَا جَاءَتْ بِهِ رُسُلُكَ
وَ يَسَّرْتَ لِی تَقَبُّلَ مَرْضَاتِكَ وَ مَنَنْتَ
عَلَیَّ فِی جَمِيعِ ذَلِكَ بِعَوْنِكَ وَ لُطْفِكَ،

تو نے مجھے وہ چیز سمجھائی جو تیرے رسول
لائے اور میرے لیے اپنی رضاؤں کی قبولیت
آسان کی تو ان سب باتوں میں مجھ پر تیرا
احسان ہے اس کے ساتھ تیری مدد اور مہربانی
ہے

# دعائے روزِ عرفہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ثُمَّ اِذْ خَلَقْتَنی مِنْ خَیْرِ الثَّری لَمْ تَرْضَ لی یا اِلهی نِعْمَةً دُونَ اُخری وَرَزَقْتَنی مِنْ اَنواعِ الْمَعاشِ وَصُنُوفِ الرِّیاشِ بِمَنِّكَ الْعَظیمِ الاَْعْظَمِ عَلَیَّ وَاِحْسانِكَ

پھر جب تو نے مجھے پیدا کیا بہترین خاک سے تو میرے لیے اے اللہ! تو نے ایک آدھ نعمت پر ہی بس نہیں کی بلکہ مجھے معاش کے کئی طریقے اور فائدے کے کئی راستے عطا کیے مجھ پر اپنے بڑے بہت بڑے احسان و کرم سے

# دعائے روز عرفہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الْقَدیمِ اِلَیّ حَتّی اِذا اَتْمَمْتَ عَلَیَّ جَمیعَ النِّعَمِ وَصَرَفْتَ عَنّی کُلِّ النِّقَمِ لَمْ یَمْنَعْکَ جَهْلی وَ جُرْاءَتی عَلَیْکَ اَنْ دَلَلْتَنی اِلی مایُقَرِّبُنی

اور مجھ پر اپنی سابقہ مہربانیوں سے یہاں تک کہ جب مجھے تو نے یہ تمام نعمتیں دے دیں اور تکلیفیں مجھ سے دور کردیں تیرے آگے میری جرات اور میری نادانی اس میں رکاوٹ نہیں بنی کہ تو نے مجھے وہ راستے بتائے جو مجھ کو تیرے قریب کرتے

# دعای روز عرفہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اِلَيْكَ وَ وَفِّقْتَنى لِمايُزْلِفُنى لَدَيْكَ فَاِنْ
دَعَوْتُكَ اَجَبْتَنى وَاِنْ سَئَلْتُكَ
اَعْطَيْتَنى وَاِنْ اَطَعْتُكَ شَكَرْتَنى وَاِنْ
شَكَرْتُكَ زِدْتَنى ،

اور تو نے مجھے توفیق دی کہ تیرا پسندیدہ بنوں
پس میں نے جو دعا مانگی تو نے قبول کی اور
جو سوال کیا وہ تو نے پورا فرمایا اگر میں نے
تیری اطاعت کی تو نے قدر فرمائی اور میں
نے شکر کیا تو نے زیادہ دیا

دعای روز عرفہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

كُلُّ ذٰلِكَ اِكْمالٌ لاَِنْعُمِكَ عَلَيَّ وَاِحْسانِكَ
اِلَيَّ فَسُبْحانَكَ سُبْحانَكَ مِنْ مُبْدِئٍ
مُعيدٍ حَميدٍ مَجيدٍ تَقَدَّسَتْ اَسْماؤُكَ
وَعَظُمَتْ الاَّؤُكَ فَأَيَّ نِعَمِكَ

یہ سب مجھ پر تیری نعمتوں کی کثرت اور مجھ
پر تیرا احسان و کرم ہے پس تو پاک ہے تو
پاک ہے کہ تو آغاز کرنے والا لوٹانے والا
تعریف والا بزرگی والا ہے اور پاک ہیں تیرے
نام اور بہت بڑی ہیں تیری نعمتیں تو

بسم اللہ الرحمن الرحیم

يا اِلٰهي اُحْصي عَدَداً وَذِكْراً أَمْ اَيُّ عَطاياكَ أَقُومُ بِها شُكْراً وَهِيَ يا رَبِّ اَكْثَرُ مِنْ اَنْ يُحْصِيَهَا الْعادُّونَ أَوْ يَبْلُغَ عِلْماً بِهَا الْحافِظُونَ ثُمَّ ماصَرَفْتَ وَدَرَأْتَ عَنّي

اے میرے خدا! تیری کس نعمت کی گنتی کروں اور اسے یاد کروں یا تیری کون کونسی عطاؤں کا شکر بجا لاؤں اور اے میرے پروردگار یہ تو اتنی زیادہ ہیں کہ شمار کرنے والے انہیں شمار نہیں کرسکتے یا یاد کرنے والے ان کو یاد نہیں رکھ سکتے

دعای روز عرفہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَللّٰھُمَّ مِنَ الضُّرِّ وَالضَّرّآءِ أكْثَرُ مِمّا ظَھَرَ لی مِنَ الْعافِيَةِ وَالسَّرّآءِ،

پھر اے اللہ! جو تکلیفیں اور سختیاں تو نے مجھ سے دور کیں اور ہٹائی ہیں ان میں اکثر ایسی ہیں جن سے میرے لیے آرام اور خوشی ظاہر ہوئی ہے

دعای روز عرفه

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَ اَنـا اَشْـهَدُ يا اِلهى بِحَقيقَةِ ايمانى
وَ عَقْدِ عَزَماتِ يَقينى وَ خالِصِ صَريحِ
تَوْحيدى وَ باطِنِ مَكْنُونِ ضَميرى
وَ عَلائِقِ مَجارى نُورِ بَصَرى

اور میں گواہی دیتا ہوں اے اللہ! اپنے ایمان
کی حقیقت اپنے اٹل ارادوں کی مظبوطی اپنی
واضح و آشکار توحید اپنے باطن میں پوشیدہ
ضمیر اپنی آنکھوں کے نور سے

دعای روز عرفہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَ اَسارِيرِ صَفْحَةِ جَبِينى وَ خُرُقِ مَسارِبِ نَفْسى وَ خَذارِيفِ مارِنِ عِرْنِينى وَ مَسارِبِ سِماخِ سَمْعى

پیوستہ راستوں اپنی پیشانی کے نقوش کے رازوں اپنے سانس کی رگوں کے سوراخوں اپنی ناک کے نرم و ملائم پردوں اپنے کانوں کی سننے والی جھلیوں

دعائے روز عرفہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَ ماضُمِّتْ وَ اَطْبَقَتْ عَلَيْهِ شَفَتایَ وَ حَرَكاتِ لَفْظِ لِسانی وَ مَغْرَزِ حَنَكِ فَمی وَ فَكّی ،

اور اپنے چپکنے اور ٹھیک بند ہونے والے ہونٹوں اپنی زبان کی حرکات سے نکلنے والے لفظوں اپنے منہ کے اوپر نیچے کے حصوں کے ملنے

# دعائے روزِ عرفہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَ مَنابِتِ اَضْراسی وَ مَساغِ مَطْعَمی وَ مَشْرَبی وَ حِمالَةِ اُمِّ رَاْسی وَ بُلُوعِ فارِغِ حَبائِلِ عُنُقی وَ مَا اشْتَمَلَ عَلَیْهِ تامُورُ صَدْری وَ حَمائِلِ حَبْلِ وَتینی وَ نِیاطِ حِجابِ قَلْبی

اپنے دانتوں کے اگنے کی جگہوں اپنے کھانے پینے کے ذائقہ دار ہونے اپنے سر میں دماغ کی قرارگاہ اپنی گردن میں غذا کی نالیوں اور ان ہڈیوں، جن سے سینہ کا گھیرا بناہے اپنے گلے کے اندر لٹکی ہوئی شہ رگ اپنے دل میں آویزاں پردے

# دُعائے روزِ عرفہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَاءَفْلاذِ حَواشی کَبِدی وَماحَوَتْهُ شَراسیفُ اَضْلاعی وَحِقاقُ مَفاصِلی وَقَبضُ عَوامِلی وَاَطرافُ اَنامِلی وَلَحْمی وَدَمی وَشَعْری وَبَشَری وَعَصَبی وَقَصَبی وَعِظامی وَمُخّی وَعُرُوقی

اپنے جگر کے بڑھے ہوئے کناروں اپنی ایک دوسری سے ملی اور جھکی ہوئی پسلیوں اپنے جوڑوں کے حلقوں اپنےاعضائ کے بندھنوں اپنی انگلیوں کے پوروں اور اپنے گوشت خون اپنے بالوں اپنی جلد اپنے پٹھوں اور نلیوں اپنی ہڈیوں اپنے مغز اپنی رگوں

# دعای روز عرفہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَجَمیعُ جَوارِحی وَمَا انْتَسَجَ عَلی ذلِكَ اَیّامَ رِضاعی وَما اَقلَّتِ الاَرْضُ مِنّی وَنَوْمی وَیَقَظَتی وَسُكُونی

اور اپنے ہاتھ پاؤں اور بدن کی جو میری شیرخوارگی میں پیدا ہوئیں اور زمین پر پڑنے والے اپنے بوجھ اپنی نیند اپنی بیداری اپنے سکون

دعای روز عرفہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَحَرَكاتِ رُكُوعي وَسُجُودي اَنْ لَوْ حاوَلْتُ وَاجْتَهَدْتُ مَدَى الاَعْصارِ وَالاَحْقابِ لَوْ عُمِّرْتُها اَنْ أُؤَدِّيَ شُكْرَ واحِدَةٍ مِنْ أَنْعُمِكَ مَا اسْتَطَعْتُ ذلِكَ،

اور اپنے رکوع و سجدے کی حرکات ان سب چیزوں پر اگر تیرا شکر ادا کرنا چاہوں اور تمام زمانوں اور صدیوں میں کوشاں رہوں اور عمر وفا کرے تو بھی میں تیری ان نعمتوں میں سے ایک نعمت کا شکر ادا کرنے کی طاقت نہیں رکھتا

# دعائے روز عرفہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اِلاّ بِمَنِّكَ الْمُوجَبِ عَلَيَّ بِهِ شُكْرُكَ اَبَداً
جَديداً وَثَناءً طارِفاً عَتيداً اَجَلْ وَلَوْ
حَرَصْتُ اَنَا وَالْعادُّونَ مِنْ اَنامِكَ أَنْ
نُحْصِيَ مَدى اِنْعامِكَ سالِفِهِ

مگر تیرے احسان کے ذریعے جس سے مجھ پر
تیرا ایک اور شکر واجب ہو جاتا ہے اور تیری
لگاتار ثنا واجب ہو جاتی ہے اور اگر میں ایسا
کرنا چاہوں اور تیری مخلوق میں سے شمار
کرنے والے بھی شمار کرنا چاہیں کہ ہم تیری
گزشتہ و آیندہ نعمتیں شمار کریں

WISDOMGATEWAY.ORG

# دعای روز عرفہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَ انفِهِ ماحَصَرُناهُ عَدَداً وَلا اَحُصَيناهُ
اَمَداً هَيُهاتَ إنّى ذلِكَ وَاَنُتَ الُمُخُبِرُ
فى كِتابِكَ النّاطِقِ وَالنَّبَاءِ الصّادِقِ
وَاِنُ تَعُدُّوا نِعُمَةَ االلّٰهِ لا تُحُصُوها
صَدَقَ كِتابُكَ،

تو ہم نہ انکی تعداد کا اور نہ ان کی مدت کا حساب کرسکیں گے یہ ممکن ہی نہیں ہے کیونکہ تو نے اپنی خبر دینے والی گویا کتاب میں سچی خبر دے کر بتایا ہے کہ اور اگر تم خدا کی نعمتوں کو گنو تو ان کا حساب نہ لگا سکو گے۔ تیری کتاب نے سچ کہا ہے۔

دعای روزِ عرفه

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَللّٰھُمَّ وَاِنْبَآؤُكَ وَبَلَّغَتْ اَنْبِيَآؤُكَ
وَرُسُلُكَ مَا اَنْزَلْتَ عَلَيْهِمْ مِنْ وَحْيِكَ
وَشَرَعْتَ لَهُمْ وَبِهِمْ مِنْ دِينِكَ غَيْرَ أَنِّى

اے اللہ! اور تیری خبریں بھی سچی ہیں جو
تیرے نبیوں اور رسولوں نے تبلیغ کی وہ سچ
ہے جو تو نے ان پر وحی نازل کی وہ سچ ہے
اور جو ان کیلئے اور انکے ذریعے اپنے دین کو
جاری کیا وہ سچ ہے دیگر یہ کہ

اِلهی اَشْهَدُ بِجُهْدی وَ جِدّی وَ مَبْلَغِ
طاعَتی وَ وُسْعی وَ أَقُولُ مُؤْمِناً مُوقِناً
اَلْحَمْدُ اللّٰهِ الَّذی لَمْ یَتَّخِذْ وَلَداً فَیَکُونَ
مَوْرُوثاً

اے میرے اللہ! گواہی دیتا ہوں میں اپنی
محنت و کوشش اور اپنی فرمانبرداری و ہمت کے
ساتھ اور میں ایمان و یقین سے کہتا ہوں کہ
حمد خدا کے لیے ہے جس نے اپنا کوئی بیٹا
نہیں بنایا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَلَمْ يَكُنْ لَهُ شَرِيكٌ فِي مُلْكِهِ فَيُضَادَّهُ فِيمَا ابْتَدَعَ،

جو اس کا وارث ہو اور نہ ملک و حکومت میں کوئی اس کا شریک ہے جو پیدا کرنے میں اس کا ہمکار ہو

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَلا وَلِیٌّ مِنَ الذُّلِّ فَیُرْفِدَہُ فیما صَنَعَ
فَسُبْحانَہُ سُبْحانَہُ لَوْ کانَ فیهِما الِهَةٌ
اِلا اللّٰه لَفَسَدَتا وَتَفَطَّرَتا سُبْحانَ اللّٰه
الْواحِدِ الاُحَدِ الصَّمَدِ الَّذی لَمْ یَلِدْ

اور نہ وہ کمزور ہے کہ اشیائ کے بنانے میں
کوئی اس کی مدد کرے پس وہ پاک ہے پاک
ہے اگر زمین و آسمان میں خدا کے سوا کوئی
معبود ہوتا تو یہ ٹوٹ پھوٹ کر گر پڑتے پاک
ہے خدا یگانہ یکتا بے نیاز جس نے
نہ کسی کو جنا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَلَمْ يُولَدْ وَلَمْ يَكُنْ لَهُ كُفُواً اَحَدٌ اَلْحَمْدُ اللّٰهِ حَمْداً يُعادِلُ حَمْدَ مَلائِكَتِهِ الْمُقَرَّبِينَ وَاَنْبِى

اور نہ وہ جنا گیا اور نہ کوئی اس کا ہمسر ہے حمد ہے خدا کے لیے برابر اس حمد کے جو اس کے مقرب فرشتوں اور اس کے بھیجے ہوئے نبیوں نے کی ہے

# دعای روز عرفہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

آئِهِ الْمُرْسَلِينَ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلَى خِيَرَتِهِ مُحَمَّدٍ خاتَمِ النَّبِيِّينَ وَ آلِهِ الطَّيِّبِينَ الطّاهِرِينَ الْمُخْلَصِينَ وَسَلَّمَ

اور اس کے پسند کیے ہوئے محمد نبیوں کے خاتم پر خدا کی رحمت ہو اور ان کی آل پر جو نیک پاک خالص ہیں اور ان پر سلام ہو۔

(پھر آپ نے خدائے تعالیٰ سے حاجات طلب کرنا شروع کیں۔ جب کہ آپ کی آنکھوں سے آنسو جاری تھے، اسی حالت میں آپ بارگاہ الٰہی میں یوں عرض گزار ہوئے)

دعای روز عرفہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنی اَخْشاكَ كَاَنّی أَراكَ وَ اَسْعِدْنی بِتَقْويكَ وَ لا تُشْقِنی بِمَعْصِيَتِكَ وَخِرْلی فی قَضآئِكَ وَ بارِكْ لی فی قَدَرِكَ حَتّی لا اُحِبَّ تَعْجيلَ ما اَخَّرْتَ

اے اللہ! مجھے ایسا ڈرنے والا بنادے گویا تجھے دیکھ رہا ہوں مجھے پرہیز گاری کی سعادت عطا کر اور نافرمانی کے ساتھ بدبخت نہ بنا اپنی قضا میں مجھے نیک بنادے اور اپنی تقدیر میں مجھے برکت عطا فرما یہاں تک کہ جس امر میں تو تاخیر کرے اس میں جلدی نہ چاہوں

دعای روز عرفه

بسم الله الرحمن الرحیم

وَ لا تَاْخیرَ ما عَجِّلْتَ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ غِناىَ
فی نَفْسی وَ الْیَقینَ فی قَلْبی
وَ الْاِخْلاصَ فی عَمَلی وَ النُّورَ فی
بَصَری وَ الْبَصیرَةَ فی دینی وَ مَتِّعْنی
بِجَوارِحی

اور جس میں تو جلدی چاہے اس میں تاخیر
نہ چاہوں اے اللہ! پیدا کردے میرے نفس
میں بے نیازی میرے دل میں یقین
میرے عمل میں خلوص میری نگاہ میں نور
میرے دین میں سمجھ اور میرے اعضا میں
فائدہ پیدا کردے

دعای روز عرفہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَاجْعَلْ سَمْعِی وَبَصَرِی الْوارِثَیْنِ مِنّی وَانْصُرْنی عَلی مَنْ ظَلَمَنی وَاَرِنی فیهِ ثاری وَمَارِبی وَاَقِرَّ بِذلِكَ عَیْنی

اور میرے کانوں و آنکھوں کو میرا مطیع بنادے اور جس نے مجھ پر ظلم کیا اس کے مقابل میری مدد کر مجھے اس سے بدلہ لینے والا بنا یہ آرزو پوری کر اور اس سے میری آنکھیں ٹھنڈی فرما

# دعای روز عرفہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَللّٰهُمَّ اكْشِفْ كُرْبَتى وَاسْتُرْ عَوْرَتى وَاغْفِرْلى خَطيئَتى وَاخْسَأْ شَيْطانى وَفُكَّ رِهانى ،

اے اللہ! میری سختی دور کردے میری پردہ پوشی فرما میری خطائیں معاف کردے میرے شیطان کو ذلیل کر اور میری ذمہ داری پوری کرادے

# دعای روز عرفہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَ اجْعَلْ لی یا اِلٰهی الدَّرَجَةَ الْعُلْیا فِی الاْخِرَهِ وَ الاُولی اَللّٰهُمَّ لَکَ الْحَمْدُ کَما خَلَقْتَنی فَجَعَلْتَنی سَمیعاً بَصیراً وَ لَکَ الْحَمْدُ کَما خَلَقْتَنی فَجَعَلْتَنی خَلْقاً سَوِیّاً رَحْمَهً بی

میرے لیے اے میرے خدا دنیا اور آخرت میں بلند سے بلندتر مرتبے قرار دے اے اللہ! حمد تیرے ہی لیے ہے کہ تو نے مجھے پیدا کیا تو نے مجھ کو سننے والا دیکھنے والا بنایا حمد تیرے ہی لیے ہے کہ تو نے مجھے پیدا کیا تو اپنی رحمت سے بہترین تربیت عطا کی

# دعای روز عرفه

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَ قَدْ كُنْتَ عَنْ خَلْقي غَنِيّاً رَبِّ بِما
بَرَاْتَني فَعَدَّلْتَ فِطْرَتي رَبِّ بِما
اَنْشَاْتَني فَاَحْسَنْتَ صُورَتي رَبِّ بِما
اَحْسَنْتَ اِلَيَّ وَ في نَفْسي عافَيْتَني
رَبِّ بِما كَلاْتَني وَ وَفَّقْتَني رَبِّ بِما
اَنْعَمْتَ عَلَيَّ فَهَدَيْتَني

حالانکہ تو مجھے خلق کرنے سے بے نیاز تھا
میرے پروردگار تو نے مجھے پیدا کیا ہے تو
متوازن بنایا ہے اے میرے پروردگار تو نے
مجھے نعمت دی ہے تو ہدایت بھی عطا کی ہے

# دعای روز عرفہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

رَبِّ بِمَا اَوْلَیْتَنی وَ مِنْ کُلِّ خَیْرٍ اَعْطَیْتَنی

اے پروردگار تو نے مجھ پر احسان کیا اور مجھے صحت و عافیت دی اے پروردگار تو نے میری حفاظت کی اور توفیق دی اے پروردگار تو نے مجھے نعمت دی تو ہدایت بھی عطا کر اے پروردگار تو نے مجھے اپنی پناہ میں لیا اور ہر بھلائی مجھے عطا فرمائی

دعائے روز عرفہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

رَبِّ بِما اَطْعَمْتَنی وَ سَقَیْتَنی رَبِّ بِما اَغْنَیْتَنی وَ اَقْنَیْتَنی رَبِّ بِما اَعَنْتَنی وَ اَعْزَزْتَنی،

اے پروردگار تو نے مجھے کھانا اور پانی دیا اے پروردگار تو نے مجھے مال دیا میری نگہبانی کی اے پروردگار تو نے میری مدد کی اور عزت بخشی

دعای روز عرفہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

رَبِّ بِما اَلْبَسْتَنی مِنْ سِتْرِكَ الصّافی وَیَسِّرْتَ لی مِنْ صُنْعِكَ الْكافی صَلِّ عَلی مُحَمَّدٍ وَ الِ مُحَمَّدٍ وَ اَعِنّی عَلی بَوائِقِ الدُّهُورِ وَصُرُوفِ اللَّیالی وَالاَْیّامِ وَنَجِّنی مِنْ اَهْوالِ الدُّنْیا

اے پروردگار تو نے اپنی عنایت سے مجھے لباس عطا کیا اور اپنی چیزیں میری دسترس میں دی ہیں محمد(ص) وآلؑ محمد(ص) پر رحمت فرمااور زمانے کی سختیوں اور شب و روز کی گردش کے مقابلے میں میری مدد فرما

WISDOMGATEWAY.ORG

دعای روز عرفہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَ کُرُباتِ الاٰخِرَهِ وَاکْفِنی شَرَّ ما یَعْمَلُ الظّالِمُونَ فِی الاَرْضِ اَللّهُمَّ ما اَخافُ فَاکْفِنی وَ ما اَحْذَرُ فَقِنی وَ فی نَفْسی وَ دینی فَاحْرُسْنی

دنیا کے خوفوں اور آخرت کی سختیوں سے مجھے نجات دے اور اس زمین پر ظالموں کے پھیلائے ہوئے فساد سے محفوظ رکھ اے اللہ! حالت خوف میں میری مدد فرما اور ہر اس سے بچائے رکھ جس سے میں ڈرتا ہوں میری جان اور میرے ایمان کی نگہداری فرما

دعای روز عرفہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَفی سَفَری فَاحْفَظْنی وَفی اَهْلی وَمالی فَاخْلُفْنی وَفیما رَزَقْتَنی فَبارِكْ لی وَفی نَفْسی فَذَلِّلْنی وَفی اَعْیُنِ النّاسِ فَعَظِّمْنی

دوران سفر میری حفاظت کر اور میری عدم موجودگی میں میرے مال و اولاد کو نظر میں رکھ جو رزق تو نے مجھے دیا اس میں برکت دے میرے نفس کو میرا مطیع بنا دے اور لوگوں کی نگاہوں میں مجھے عزت دے

دعائے روزِ عرفہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَ مِنْ شَرِّ الْجِنِّ وَ الْاِنْسِ فَسَلِّمْنی وَبِذُنُوبی فَلا تَفْضَحْنی وَبِسَریرَتی فَلا تُخْزِنی وَبِعَمَلی فَلا تَبْتَلِنی وَنِعَمَلَ فَلا تَسْلُبْنی وَاِلی غَیْرِلَ فَلا تَكِلْنی

مجھ کو جنّوں اور اور انسانوں کی بدی سے محفوظ فرما میرے گناہوں پر مجھے بے پردہ نہ کر میرے باطن سے مجھے رسوا نہ کر میرے عمل پر میری گرفت نہ کر اپنی نعمتیں مجھ سے نہ چھین مجھے اپنے غیر کے حوالے نہ کر

# دعای روز عرفہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اِلٰهی اِلٰی مَنْ تَکِلُنی ؟اِلٰی قَریبٍ فَیَقْطَعُنی اَمْ اِلٰی بَعیدٍ فَیَتَجَهَّمُنی اَمْ اِلَی الْمُسْتَضْعَفینَ لی وَ اَنْتَ رَبّی وَ مَلیكُ اَمْری اَشْكُو اِلَیْكَ غُرْبَتی وَ بُعْدَ داری

میرے خدا تو مجھے کس کے حوالے کرو گے؟ کسی رشتہ دار کے حوالے کروگے تو وہ جلد ہی نظریں پھیرے گا، کسی بیگانے کے حوالے کرو گے تو مجھ سے نفرت کرے گا یا انکے حوالے کرے گا جو پست سمجھیں؟

دعای روز عرفہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَھوانی عَلی مَنْ مَلَّکْتَہُ اَمْری اِلٰھی فَلا تُحْلِلْ عَلَیَّ غَضَبَکَ فَاِنْ لَمْ تَکُنْ غَضِبْتَ عَلَیَّ فَلا اُبالی سُبْحانَکَ غَیْرَ

جبکہ تو میرا پروردگار اور میرا مالک ہے میں اپنی اس بے کسی اپنے گھر سے دوری اور جسے تو نے مجھ پر اختیار دیا ہے تجھی سے اس کی شکایت کرتا ہوں میرے اللہ! مجھ پر اپنا غضب نازل نہ فرما پس اگر تو ناراض نہ ہو تو پھر مجھے تیرے سوا کسی کی پروا نہیں

# دعای روز عرفہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَنِّ عافِیَتَکَ اَوْسَعُ لی فَاَسْئَلُکَ یارَبِّ
بِنُورِ وَجْهِكَ الَّذِی اَشْرَقَتْ لَهُ الاَرْضُ
وَ السَّمواتُ وَ كُشِفَتْ بِهِ الظُّلُماتُ

تیری ذات پاک ہے تیری مہربانی مجھ پر بہت
زیادہ ہے پس مزید سوال کرتا ہوں بواسطہ
تیرے نور کے جس سے زمین اور سارے
آسمانوں روشن ہوئے تاریکیاں اس کے ذریعے
سے چھٹ گئیں

# دعای روز عرفہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَصَلُحَ بِهِ اَمْرُ الْاَوَّلِينَ وَالْاٰخِرِينَ اَنْ لا تُمِيتَنِى عَلٰى غَضَبِكَ وَلا تُنْزِلْ بِى سَخَطَكَ لَكَ الْعُتْبٰى لَكَ الْعُتْبٰى حَتّٰى تَرْضٰى

اور اس سے اگلے پچھلے لوگوں کے کام سدھر گئے یہ کہ مجھے موت نہ دے جب تو مجھ سے ناراض ہو اور مجھ پر سختی نہ ڈال تجھ سے معافی کا طالب ہوں معافی کا طالب ہوں حتیٰ کہ تو میری موت سے پہلے مجھ سے راضی ہو جائے

# دعای روز عرفہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قَبْلَ ذٰلِك لا اِلٰهَ اِلاّٰ اَنْتَ رَبُّ الْبَلَدِ الْحَرامِ وَالْمَشْعَرِ الْحَرامِ وَالْبَيْتِ الْعَتيقِ الَّذى اَحْلَلْتَهُ الْبَرَكَةَ وَجَعَلْتَهُ لِلنّاسِ اَمْناً يا مَنْ عَفا

تیرے سوا کوئی معبود نہیں ہے کہ تو حرمت والے شہر حرمت والے مشعر اور پاکیزہ گھر کعبہ کا رب ہے جس میں تو نے برکت نازل کی اور اسے لوگوں کیلئے جائے امن قرار دیا اے وہ جو اپنی نرمی سے بڑے بڑے گناہ معاف کرتا ہے

# دعائے روز عرفہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

عَنْ عَظِيمِ الذُّنُوبِ بِحِلْمِهِ يا مَنْ اَسْبَغَ النِّعْمآءَ بِفَضْلِهِ يا مَنْ اَعْطَى الْجَزيلَ بِكَرَمِهِ يا عُدَّتى فى شِدَّتى يا صاحِبى فى وَحْدَتى يا غِياثى فى كُرْبَتى يا وَلِيّى فى نِعْمَتى

اے وہ جو اپنے فضل سے نعمتیں کامل کرتا ہے اے وہ جو اپنے کرم سے بہت عطا کرتا ہے اے سختی کے وقت میری مدد پر آمادہ اے تنہائی کے ہنگام میرے ساتھی اے مشکل میں میرے فریادرس اے مجھے نعمت دینے والے

# دعای روز عرفہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یا اِلـهی وَ اِلـهَ آبائی اِبْراهیمَ
وَ اِسْماعیلَ وَ اِسْحقَ وَ یَعْقُوبَ وَ رَبِّ
جَبْرَئیلَ وَ میکائیلَ وَ اِسْرافیلَ وَ ربِّ
مُحَمَّدٍ خاتِمِ النَّبِیّینَ وَ الِهِ الْمُنْتَجَبینَ

مالک اے میرے معبود اور میرے آبائؑ و اجداد ابراہیمؑ، اسمٰعیلؑ، اسحاقؑ اور یعقوبؑ کے معبود اور مقرب فرشتوں جبرائیل میکائیل اور اسرافیل کے رب اور اے نبیوں کے خاتم حضرت محمدؐ اور ان کے گرامی قدر آل کے رب

دعای روز عرفہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَمُنْزِلَ التَّوريهِ وَالاِنْجيلِ وَالزَّبُورِ
وَالْفُرْقانِ وَمُنَزِّلَ كهيّعّصّ وَطه
وَيسّ وَالْقُرآنِ الْحَكيمِ

اے تورات، انجیل، زبور اور قرآن کریم کے نازل کرنے والے اے کھیعص، طٰہٰ یٰس اور قرآن کریم کے نازل کرنے والے

# دعای روز عرفہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَنْتَ كَهْفی حینَ تُعْیینِی الْمَذاهِبُ فی سَعَتِها وَتَضیقُ بِیَ الاَْرْضُ بِرُحْبِها وَلَوْلا رَحْمَتُكَ لَكُنْتُ مِنَ الْهالِكینَ وَاَنْتَ مُقیلُ عَثْرَتی وَلَوْلا سَتْرُكَ

تو ہی میری جائے پناہ ہے جب زندگی کے وسیع راستے مجھ پر تنگ ہوجائیں اور زمین کشادگی کے باوجود میرے لیے تنگ ہوجائے اور اگر تیری رحمت شامل حال نہ ہوتی تو میں تباہ ہوجاتا تو ہی میرے گناہ معاف کرنیوالا ہے

دُعای روزِ عرفہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اِیّایَ لَکُنتُ مِنَ الْمَفْضُوحینَ وَاَنْتَ مُؤَیِّدی بِالنَّصْرِ عَلی اَعْدآئی وَلَوْ لا نَصْرُکَ اِیّایَ لَکُنْتُ مِنَ الْمَغْلُوبینَ

اور اگر تو میری پردہ پوشی نہ کرتا تو میں رسوا ہوکر رہ جاتا اور تو اپنی مدد کے ساتھ دشمنوں کے مقابل میں مجھے قوت دینے والا ہے اور اگر تیری مدد حاصل نہ ہوتی تو میں زیر ہو جانے والوں میں سے ہوجاتا

# دُعائے روزِ عرفہ

بِسمِ اللهِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیم

یا مَنْ خَصِّ نَفْسَهُ بِالسُّمُوِّ وَ الرِّفْعَهِ
اَوْلِیاۤئُهُ بِعِزِّهِ یَعْتَزُّونَ یا مَنْ جَعَلَتْ لَهُ
الْمُلُوُلُ نیرَ الْمَذَلِّهِ عَلی اَعْناقِهِمْ فَهُمْ
مِنْ سَطَواتِهِ خائِفُونَ

اے وہ جس نے اپنی ذات کو بلندی اور برتری
کے لیے خاص کیا اور جس کے دوست اس
کی عزت سے عزت پاتے ہیں اے وہ جسکے
دربار میں بادشاہوں نے اپنی گردنوں میں
عاجزی کا طوق پہنا پس وہ اس کے دبدبے
سے ڈرتے ہیں

WISDOMGATEWAY.ORG

دعای روز عرفہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

يَعْلَمُ خائِنَةَ الاَعْيُنِ وَ ماتُخْفِي الصُّدُورُ
وَ غَيْبَ ماتَاْتى بِهِ الاَزْمِنَةُ وَ الدُّهُورُ يا
مَنْ لا يَعْلَمُ كَيْفَ هُوَ اِلاّ هُوَ يامَنْ لا يَعْلَمُ
ماهُوَ اِلاّ هُوَ يامَنْ لا يَعْلَمُهُ اِلاّ

وہ آنکھوں کے اشاروں کو اور جو سینوں میں
چھپاہے اسے جانتا ہے اور ان غیب کی باتوں
کو جانتا ہے جو آیندہ زمانوں میں ظاہر ہونگی
اے وہ جسکی حقیقت کوئی نہیں جانتا مگر وہ
خود اے وہ جس کی حقیقیت کوئی نہیں جانتا
مگر وہ خود ا اے وہ کوئی جسکا علم نہیں رکھتا

WISDOMGATEWAY.ORG

# دعای روز عرفہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

هُوَ يا مَنْ كَبَسَ الْاَرْضَ عَلَى الْماۤءِ
وَسَدَّ الْهَوآءَ بِالسَّماۤءِ يا مَنْ لَهُ اَكْرَمُ
الْاَسْماۤءِ يا ذَا الْمَعْرُوفِ الَّذى لا
يَنْقَطِعُ اَبَداً يا مُقَيِّضَ الرَّكْبِ
لِيُوسُفَ فِى الْبَلَدِ الْقَفْرِ

مگر وہ خود اے وہ جس نے زمین کو پانی کی سطح پر رکھا ہوا اور ہوا کو فضائے آسمان میں باندھا اے وہ جس کیلئے سب سے بہترین نام ہے اے احسان کے مالک جو کسی وقت میں منقطع نہ ہوتا اے یوسفؑ کے لیے بے آب بیابان میں کاروان کو روکنے والے

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَ مُخْرِجَهُ مِنَ الْجُبِّ وَ جاعِلَهُ بَعْدَ الْعُبُودِيَّةِ مَلِكاً يا رادَّهُ عَلى يَعْقُوبَ بَعْدَ اَنِ ابْيَضَّتْ عَيْناهُ مِنَ الْحُزْنِ فَهُوَ كَظيمٌ يا كاشِفَ الضُّرِّ

اور انہیں کنوئیں میں سے نکالنے والے اور غلامی کے بعد ان کو بادشاہ بنانے والے اے یوسفؑ کو یعقوبؑ سے ملانے والے جبکہ ان کی آنکھیں روتے روتے سفید ہوچکی تھیں اور وہ سخت غم زدہ رہتے تھے

دعای روز عرفہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَ الْبَلْوٰی عَنْ اَیُّوبَ وَ مُمْسِلَ یَدَیْ اِبْرٰھِیمَ عَنْ ذَبْحِ ابْنِہِ بَعْدَ کِبَرِ سِنِّہِ وَ فَنَآءِ عُمُرِہِ

اے ایوبؑ کو نقصان اور مصیبت سے نجات دینے والے اے اپنے بیٹے کو ذبح کرنے میں ابراہیمؑ کے ہاتھوں کو روکنے والے جب وہ بہت بوڑھے اور زندگی کی آخری منزل میں تھے

دعای روز عرفہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یَا مَنِ اسْتَجَابَ لِزَكَرِيَّا فَوَهَبَ لَهُ يَحْيَى وَ لَمْ يَدَعْهُ فَرْداً وَحِيداً يَا مَنْ اَخْرَجَ يُونُسَ مِنْ بَطْنِ الْحُوتِ يَا مَنْ فَلَقَ الْبَحْرَ لِبَنِىٓ اِسْرَآئِيلَ فَاَنْجَاهُمْ

اے وہ جس نے زکریاؑ کی دعا قبول کی پس انہیں یحییٰؑ عطا کیا اور انہیں یکہ و تنہا نہ چھوڑا تھا اے وہ جس نے یونسؑ کو مچھلی کے پیٹ سے باہر نکالا اے وہ جس نے بنی اسرائیل کے لیے دریا میں راستے بنائے پس انہیں نجات دی

وَجَعَلَ فِرْعَوْنَ وَجُنُودَهُ مِنَ
الْمُغْرَقِينَ يَا مَنْ اَرْسَلَ الرِّيَاحَ
مُبَشِّرَاتٍ بَيْنَ يَدَیْ رَحْمَتِهِ

اور فرعون اور اس کے لشکروں کو غرق کر دیا
اے وہ جو باران رحمت سے پہلے خوشخبری
دینے والی ہواؤں کو بھیجتا ہے

دعای روز عرفه

بسم اللہ الرحمن الرحیم

يا مَنْ لَمْ يَعْجَلْ عَلى مَنْ عَصاهُ مِنْ خَلْقِهِ يا مَنِ اسْتَنْقَذَ السَّحَرَهَ مِنْ بَعْدِ طُولِ الْجُحُودِ وَ قَدْ غَدَوْا فى نِعْمَتِهِ يَأْكُلُونَ رِزْقَهُ

اے وہ جو اپنی مخلوق میں نافرمانی کرنے والے کی گرفت میں جلدی نہیں کرتا اے وہ جس نے جادوگروں کو مدتوں کے کفر سے نجات عطا فرمائی جبکہ وہ اس کی نعمتوں سے فائدہ اٹھاتے اسکی دی ہوئی روزی کھاتے

# دعای روز عرفہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَيَعْبُدُونَ غَيْرَهُ وَقَدْ حَادُّوهُ وَنَادُّوهُ
وَكَذَّبُوا رُسُلَهُ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ يَا بَدِیُّ يَا
بَدِيعُ لَا نِدَّ لَكَ يَا دَائِماً لَا نَفَادَ لَكَ يَا حَيّاً
حِينَ لَا حَيَّ

اور عبادت اس کے غیر کی کرتے تھے وہ خدا سے دشمنی کرتے شرک کی راہ پر چلتے اور اس کے رسولوں کو جھٹلاتے تھے اے اللہ اے اللہ! اے آغاز کرنے والے اے پیدا کرنے والے تیرا کوئی ثانی نہیں اے ہمیشگی والے تجھے فنا نہیں اے زندہ جب کوئی زندہ نہ تھا

دعائے روز عرفہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

يَا مُحْيِيَ الْمَوْتى يا مَنْ هُوَ قآئِمٌ عَلى كُلِّ نَفْسٍ بِما كَسَبَتْ يا مَنْ قَلَّ لَهُ شُكْرى فَلَمْ يَحْرِمْنى وَعَظُمَتْ خَطيئَتى فَلَمْ يَفْضَحْنى

اے مردوں کو زندہ کرنے والے اے ہر نفس کے اعمال پر نگہبان جو اس نے انجام دیے اے وہ میں نے جس کا شکر کم کیا تب بھی اس نے مجھے محروم نہ کیا میں نے بڑی بڑی خطائیں کیں تب بھی اس نے مجھے رسوا نہ کیا

دعای روز عرفہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَرَآنی عَلَی الْمَعاصی فَلَمْ یَشْهَرْنی یا مَنْ حَفِظَنی فی صِغَری یا مَنْ رَزَقَنی فی کِبَری یا مَنْ اَیادیهِ عِنْدی لا تُحْصی وَنِعَمُهُ لا تُجازی

اس نے مجھے نافرمان دیکھا تو پردہ فاش نہ کیا اے وہ جس نے میرے بچپنے میں میری حفاظت کی اے وہ جس نے میرے بڑھاپے میں روزی دی اے وہ جس کی نعمتوں کا کوئی شمار ہی نہیں اور جس کی نعمتوں کا کوئی بدلہ نہیں

# دعای روز عرفه

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یا مَنْ عارَضَنی بِالْخَیْرِ وَ الاِحْسانِ
وَ عارَضْتُهُ بِالاِسائَهِ وَ الْعِصْیانِ یا مَنْ
هَدانی لِلاِیمانِ مِنْ قَبْلِ اَنْ اَعْرِفَ
شُکْرَ الاِمْتِنانِ

اے وہ جس نے مجھ سے بھلائی اور احسان کیا
اور میں نے برائی اور نافرمانی پیش کی اے وہ
جس نے مجھے ایمان کی راہ بتائی اس سے پہلے
کہ اس پر میری طرف سے شکر ادا ہوتا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یا مَنْ دَعَوْتُهُ مَرِيضاً فَشَفانى، وَعُرْياناً فَكَسانى وَجائِعاً فَاَشْبَعَنى وَعَطْشانَ فَاَرْوانى وَذَليلاً فَاَعَزَّنى وَجاهِلاً فَعَرَّفَنى وَوَحيداً فَكَثَّرَنى وَغائِباً فَرَدَّنى

اے وہ جسے میں نے بیماری میں پکارا تو مجھے شفا دی عریانی میں پکارا تو لباس دیا بھوک میں پکارا تو مجھے سیر کیا پیاس میں پکارا تو سیراب کیا پستی میں عزت دی نادانی میں معرفت بخشی تنہائی میں کثرت دی سفر سے وطن پہنچایا

# دعای روزِ عرفہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَ مُقِلاًّ فَاَغْنانی وَ مُنْتَصِراً فَنَصَرَنی وَغَنِیّاً فَلَمْ یَسْلُبْنی وَ اَمْسَکْتُ عَنْ جَمیعِ ذلِکَ فَابْتَدَاَنی فَلَکَ الْحَمْدُ وَ الشُّکْرُ

تنگدستی میں مجھے مال دیا مدد مانگی تو میری مدد فرمائی تونگر تھا تو میرا مال نہیں چھینا اور میں نے ان چیزوں کا ش میں نے ان چیزوں کا شکر نہ کیا تو اس نے دینے میں پہل کی پس ساری تعریف اور شکر تیرے ہی لیے ہے

دعای روز عرفہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

يَا مَنْ اَقَالَ عَثْرَتِی وَنَفَّسَ كُرْبَتِی وَاَجَابَ دَعْوَتِی وَسَتَرَ عَوْرَتِی وَغَفَرَ ذُنُوبِی وَبَلَّغَنِی طَلِبَتِی وَنَصَرَنِی عَلٰی عَدُوِّی

اے وہ جس نے میری لغزش معاف کی میری تکلیف دور کی میری دعا قبول فرمائی میرے عیبوں کو چھپایا میرے گناہ بخش دیے میری حاجت پوری کی اور دشمن کے خلاف میری مدد کی

دعای روز عرفہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَاِنْ اَعُدَّ نِعَمَكَ وَمِنَنَكَ وَكَرائِمَ مِنَحِكَ لا اُحْصيها،

ور اگر میں تیری نعمتوں تیرے احسانوں اور عطاؤں کو شمار کروں تو شمار نہیں کرسکتا

# دعائے روز عرفہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یامَوْلایَ اَنْتَ الَّذی مَنَنْتَ اَنْتَ الَّذی
اَنْعَمْتَ اَنْتَ الَّذی اَحْسَنْتَ اَنْتَ الَّذی
اَجْمَلْتَ اَنْتَ الَّذی اَفْضَلْتَ اَنْتَ الَّذی
اَکْمَلْتَ اَنْتَ الَّذی رَزَقْتَ

اے میرے مالک تو وہ ہے جس نے احسان
کیا تو وہ ہے جس نے نعمت دی تو وہ ہے جس
نے بہتری کی تو وہ ہے جس نے جمال دیا تو
وہ ہے جس نے بڑائی دی تو وہ ہے جس نے
کمال عطا کیا تو وہ ہے جس نے روزی دی تو
وہ ہے

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَنْتَ الَّذِی وَفَّقْتَ اَنْتَ الَّذِی اَعْطَیْتَ اَنْتَ الَّذِی اَغْنَیْتَ اَنْتَ الَّذِی اَقْنَیْتَ اَنْتَ الَّذِی اٰوَیْتَ اَنْتَ الَّذِی کَفَیْتَ اَنْتَ الَّذِی هَدَیْتَ

جس نے توفیق دی تو وہ ہے جس نے عطا کیا تو وہ ہے جس نے مال دیا تو وہ ہے جس نے نگہداری کی تو وہ ہے جس نے پناہ دی تو وہ ہے جس نے کام بنایا تو وہ ہے جس نے ہدایت کی تو وہ ہے

# دعای روزِ عرفہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَنْتَ الَّذِی عَصَمْتَ اَنْتَ الَّذِی سَتَرْتَ اَنْتَ الَّذِی غَفَرْتَ اَنْتَ الَّذِی اَقَلْتَ اَنْتَ الَّذِی مَکَّنْتَ اَنْتَ الَّذِی اَعْزَزْتَ

جس نے گناہ سے بچایا تو وہ ہے جس نے پرورش کی تو وہ ہے جس نے معاف کیا تو وہ ہے جس نے بخش دیا تو وہ ہے جس نے قدرت دی تو وہ ہے جس نے عزت بخشی تو وہ ہے

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَنْتَ الّذِى اَعَنْتَ اَنْتَ الّذِى عَضَدْتَ
اَنْتَ الّذِى اَيّدْتَ اَنْتَ الّذِى نَصَرْتَ

جس نے آرام دیا تو وہ ہے جس نے سہارا دیا
تو وہ ہے جس نے حمایت کی تو وہ ہے جس
نے مدد کی تو وہ ہے

# دعای روز عرفہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَنْتَ الَّذِی شَفَیْتَ اَنْتَ الَّذِی عافَیْتَ
اَنْتَ الَّذِی اَکْرَمْتَ، تَبارَکْتَ وَتَعالَیْتَ
فَلَکَ الْحَمْدُ دائِماً وَلَکَ الشُّکْرُ
واصِباً اَبَداً

جس نے شفا دی تو وہ ہے جس نے آرام دیا
تو وہ ہے جس نے بزرگی دی تو بڑا برکت والا
اور برتر ہے ہمیشہ پس حمد ہی تیرے لیے ہے
اور شکر لگاتار ہمیشہ ہمیشہ تیرے ہی لیے ہے

دعای روز عرفہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ثُمَّ اَنَا یَا اِلٰھِیَ الْمُعْتَرِفُ بِذُنُوبِیْ فَاغْفِرْھَا لِیْ اَنَا الَّذِیْ اَسَاْتُ اَنَا الَّذِیْ اَخْطَاْتُ اَنَا الَّذِیْ ھَمَمْتُ اَنَا الَّذِیْ جَھِلْتُ اَنَا الَّذِیْ غَفَلْتُ

پھر میں ہوں اے میرے معبود اپنے گناہوں کا اعتراف کرنے والا پس مجھے ان سے معافی دے میں وہ ہوں جس نے برائی کی میں وہ ہوں جس نے خطا کی میں وہ ہوں جس نے برا ارادہ کیا میں وہ ہوں جس نے نادانی کی

WISDOMGATEWAY.ORG

دعای روز عرفہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَنـا الّذی سَهَوْتُ اَنـا الّذِی اعْتَمَدْتُ اَنـا الّذی تَعَمّدْتُ اَنـا الّذی وَعَدْتُ وَاَنـا الّذی اَخْلَفْتُ اَنـا الّذی نَکَثْتُ اَنـا الّذی اَقْرَرْتُ

میں وہ ہوں جس سے بھول ہوئی میں وہ ہوں جو چوک گیا میں نے خود پر اعتماد کیا میں نے دانستہ گناہ کیا میں وہ ہوں جس نے وعدہ کیا میں وہ ہوں جس نے وعدہ خلافی کی میں وہ ہوں جس نے عہد توڑا میں وہ ہوں جو اقرار کرتا

# دعای روز عرفہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَنـا الَّذِی اعْتَرَفْتُ بِنِعْمَتِكَ عَلَیَّ وَعِنْدِی وَاَبُوْءُ بِذُنُوبِی فَاغْفِرْهالی

اور میں وہ ہوں جو تیری نعمتوں کا اعتراف کرتا ہوں جو مجھے ملی ہیں اور میرے پاس ہیں مجھ پر گناہوں کا بڑا بوجھ ہے پس مجھے معاف کردے

دعای روز عرفہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

يَا مَنْ لَا تَضُرُّهُ ذُنُوبُ عِبَادِهِ وَهُوَ الْغَنِيُّ عَنْ طَاعَتِهِمْ وَالْمُوَفِّقُ مَنْ عَمِلَ صَالِحاً مِنْهُمْ بِمَعُونَتِهِ وَرَحْمَتِهِ

اے وہ جسے اس کے بندوں کے گناہ نقصان نہیں پہنچاتے اور وہ ان کی بندگی سے بے نیاز ہے اور توفیق دیتا ہے اسے اپنی مہربانی اور مدد سے جو ان میں سے نیک عمل کرے

دعای روز عرفہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فَلَكَ الْحَمْدُ اِلٰهِی وَسَيِّدِی اِلٰهِی
اَمَرْتَنِی فَعَصَيْتُكَ وَنَهَيْتَنِی فَارْتَكَبْتُ
نَهْيَكَ فَاَصْبَحْتُ لَا ذَا بَرَاءَةٍ لِی فَاَعْتَذِرُ
وَلَا ذَا قُوَّةٍ فَاَنْتَصِرُ

پس حمد تیرے ہی لیے ہے اے میرے
معبود و سردار اے میرے معبود تو نے حکم
دیا تو میں نے نافرمانی کی جس سے تو نے مجھے
روکا میں وہ کام کر گزرا پس حال یہ ہے کہ
نہ گناہ سے بری ہوں کہ عذر کروں نہ یہ
طاقت ہے کہ کامیاب ہوجاؤں

WISDOMGATEWAY.ORG

# دعائے روز عرفہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فَبِأَيِّ شَيْءٍ اَسْتَقْبِلُكَ يَا مَوْلَايَ
اَبِسَمْعِي اَمْ بِبَصَرِي اَمْ بِلِسَانِي اَمْ بِيَدِي
اَمْ بِرِجْلِي اَلَيْسَ كُلُّهَا نِعَمَكَ عِنْدِي
وَبِكُلِّهَا عَصَيْتُكَ

پس کیا چیز لے کر تیرے سامنے آؤں اے میرے مالک آیا اپنے کان یا اپنی آنکھ یا اپنی زبان یا اپنے ہاتھ یا اپنے پاؤں کے ساتھ کیا یہ سب میرے پاس تیری نعمتیں نہیں ہیں اور ان سب کے ساتھ میں نے تیری نافرمانی کی؟

دعای روز عرفہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

يَا مَوْلايَ فَلَكَ الْحُجَّةُ وَالسَّبِيلُ عَلَيَّ يَا
مَنْ سَتَرَنِي مِنَ الْآبَاءِ وَالْأُمَّهَاتِ أَنْ
يَزْجُرُونِي وَمِنَ الْعَشَائِرِ وَالْإِخْوَانِ
أَنْ يُعَيِّرُونِي

اور ان سب کے ساتھ میں نے تیری نافرمانی
کی اے میرے مولا پس تیرے پاس میرے
خلاف حجت اور دلیل ہے اے وہ جس نے
ماں باپ سے میری پردہ پوشی کی کہ وہ مجھے
دھتکار دیں گے اہل قبیلہ اور بھائی بندوں سے
میرا پردہ رکھا کہ مجھے ڈانٹ ڈپٹ کریں گے

دعای روز عرفہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَمِنَ السّلاطینِ اَنْ یُعاقِبُونی وَلَوِ اطَّلَعُوا یا مَوْلایَ عَلی مَا اطَّلَعْتَ عَلَیْهِ مِنّی اِذاً ما اَنْظَرُونی وَلَرَفَضُونی وَقَطَعُونی

اور حاکموں سے میرا پردہ رکھا کہ وہ مجھے سزا دیں گے اے میرے مولا اگر وہ میرے بارے میں وہ جان لیتے جو کچھ تو جانتا ہے تو وہ مجھے کبھی مہلت نہ دیتے مجھے چھوڑ جاتے اور قطع تعلق کر جاتے

دعای روز عرفہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فَهٰا اَنَا ذَا یَا اِلٰهِی بَیْنَ یَدَیْكَ یَا سَیِّدِی
خَاضِعٌ ذَلِیلٌ حَصِیرٌ حَقِیرٌ لاٰ ذُو بَرَآئَةٍ
فَاَعْتَذِرُ وَ لاٰ ذُو قُوَّةٍ فَاَنْتَصِرُ وَ لاٰ حُجَّةٍ
فَاَحْتَجُّ بِهَا وَ لاٰ قَائِلٌ لَمْ اَجْتَرِحْ

پس اے میرے معبود میں تیرے سامنے
حاضر ہوں اے میرے سردار میں پست عاجز
قیدی بے مایہ ہوں نہ گناہ سے بری ہوں کہ
عذر کروں اور نہ طاقت ہے کہ کامیاب ہو
جاؤں نہ کوئی دلیل ہے کہ وہ پیش کروں نہ
یہ کہہ سکتا ہوں کہ گناہ نہیں کیا

WISDOMGATEWAY.ORG

# دعای روز عرفہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَلَمْ اَعْمَلْ سُوّءاً وَماعَسَى الْجُحُودَ
وَلَوْ جَحَدْتُ يامَوْلاىَ يَنْفَعُنى كَيْفَ
وَ اَنّى ذلِكَ وَجَوارِحى كُلُّها شاهِدَةٌ
عَلَىَّ بِما قَدْ عَمِلْتُ

اور نہ یہ کہ برائی نہیں کی اس سے انکار کا
کوئی راستہ نہیں اور اگر انکار کروں تو اے
میرے مولا اسکا کچھ فائدہ نہیں اور ایسا کیونکر
ہو سکتا ہے جب میرے اعضائ مجھ پر گواہ
ہیں کہ جو کچھ میں نے عمل کیا ہے

# دعائے روزِ عرفہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَعَلِمۡتُ یَقِیناً غَیۡرَ ذِی شَکٍّ اَنَّکَ سآئِلِی
مِنۡ عَظَایِمِ الاُمُورِ وَاَنَّکَ الۡحَکَمُ الۡعَدۡلُ
الَّذِی لاتَجُورُ وَعَدۡلُکَ مُهۡلِکِی وَمِنۡ
کُلِّ عَدۡلِکَ مَهۡرَبِی

اور میں جانتا ہوں یقین کے ساتھ جس میں
شک نہیں ضرور تو بڑے معاملوں میں میری
بازپرس کرے گا بلا شبہ تو انصاف کا فیصلہ
دینے والا ہے کہ جو زیادتی نہیں کرتا تیرا
انصاف مجھے نابود کردے گا اور میں تیرے
ہر عدل سے ڈرتا بھاگتا ہوں

# دعای روز عرفه

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فَاِنْ تُعَذِّبْنی یا اِلٰهی فَبِذُنُوبی بَعْدَ حُجَّتِكَ عَلَیَّ وَاِنْ تَعْفُ عَنّی فَبِحِلْمِكَ وَجُودِكَ وَكَرَمِكَ

پس اگر تو مجھے عذاب دے اے میرے اللہ تو وہ میرے گناہوں کی وجہ سے مجھ پر تیری حجت ہے اور اگر تو مجھے معاف فرما دے تو یہ تیری طرف مہربانی تیری بخشش اور تیرے کرم کا نتیجہ ہے

# دعای روز عرفہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

لا اِلٰهَ اِلآّ اَنتَ سبحانكَ اِنی کنتُ مِنَ الظّالِمینَ لا اِلٰهَ اِلآّ اَنْتَ سُبْحانَكَ اِنّی کُنْتُ مِنَ الْمُسْتَغْفِرینَ لا اِلٰهَ اِلآّ اَنْتَ سُبْحانَكَ اِنّی کُنْتُ مِنَ الْمُوَحِّدینَ

تیرے سوا کوئی معبود نہیں تو پاک تر ہے بے شک میں ستم کاروں میں سے ہوں تیرے سوا کوئی معبود نہیں تو پاک تر ہے بے شک میں معافی مانگنے والوں میں سے ہوں تیرے سوا کوئی معبود نہیں تو پاک تر ہے بے شک میں توحید پرستوں میں سے ہوں

WISDOMGATEWAY.ORG

دعای روز عرفه

بسم اللہ الرحمن الرحیم

لا اِلٰهَ اِلآّ اَنْتَ سُبْحانَكَ اِنّی كُنْتُ مِنَ الْخائِفِینَ لا اِلٰهَ اِلآّ اَنْتَ سُبْحانَكَ اِنّی كُنْتُ مِنَ الْوَجِلینَ

تیرے سوا کوئی معبود نہیں تو پاک تر ہے بے شک میں تجھ سے ڈرنے والوں میں سے ہوں تیرے سوا کوئی معبود نہیں تو پاک تر ہے بے شک میں خوف رکھنے والوں میں سے ہوں

دعائے روزِ عرفہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّی كُنْتُ مِنَ الرَّاجِینَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّی كُنْتُ مِنَ الرَّاغِبِینَ

تیرے سوا کوئی معبود نہیں تو پاک تر ہے بے شک میں امیدواروں میں سے ہوں تیرے سوا کوئی معبود نہیں تو پاک تر ہے بے شک میں توجہ کرنے والوں میں سے ہوں تیرے سوا کوئی معبود نہیں تو پاک تر ہے بے شک میں نام لیواؤں میں ہوں

WISDOMGATEWAY.ORG

# دعای روز عرفہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

لا اِلٰهَ اِلآّ اَنْتَ سُبْحانَكَ اِنّی كُنْتُ مِنَ الْمُهَلّلِینَ لا اِلٰهَ اِلآّ اَنْتَ سُبْحانَكَ اِنّی كُنْتُ مِنَ السّآئِلِینَ

نہیں کوئی معبود سوائے تیرے تو پاک تر ہے بے شک میں سوال کرنے والوں میں ہوں تیرے سوا کوئی معبود نہیں تو پاک تر ہے بے شک میں تسبیح کرنے والوں میں ہوں

دعای روز عرفہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

لا اِلٰهَ اِلآّ اَنْتَ سُبْحانَكَ اِنّی كُنْتُ مِنَ
الْمُسَبِّحینَ لا اِلٰهَ اِلآّ اَنْتَ سُبْحانَكَ اِنّی
كُنْتُ مِنَ الْمُكَبِّرینَ لا اِلٰهَ اِلآّ اَنْتَ
سُبْحانَكَ رَبّی وَرَبُّ اٰبائِیَ الْاَوَّلینَ

تیرے سوا کوئی معبود نہیں تو پاک تر ہے بے
شک میں تکبیر کہنے والوں میں ہوں تیرے
سوا کوئی معبود نہیں تو پاک تر ہے کہ میرا
رب اور میرے پہلے بزرگوں کا رب ہے

دعای روز عرفہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَللّٰھُمَّ ھذا ثَنائی عَلَیْکَ مُمَجِّداً وَاِخْلاصی لِذِکْرِکَ مُوَحِّداً وَاِقْراری بِالائِکَ مُعَدِّداً وَاِنْ کُنْتُ مُقِرّاً اَنّی لَمْ اُحْصِھا

اے معبود میری طرف سے یہ تیری ثنائ ہے تیری شان بیان کرتے ہوئے یہ تیرے ذکر کے بارے میں میرا خلوص توحید کو مانتے ہوئے اور میری طرف سے یہ تیری مہربانیوں کا اقرار ہے ان کو شمار کرتے ہوئے اگرچہ یہ مانتا ہوں کہ میں ان کا شمار نہیں کرسکتا

دعای روز عرفہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

لِكَثْرَتِهَا وَسُبُوغِهَا وَتَظَاهُرِهَا
وَتَقَادُمِهَا اِلٰى حَادِثٍ مَالَمْ تَزَلْ
تَتَعَهَّدُنِى بِهِ مَعَهَا مُنْذُ خَلَقْتَنِى
وَبَرَاْتَنِى مِنْ اَوَّلِ الْعُمُرِ مِنَ الْاِغْنَآءِ

کیونکہ وہ زیادہ ہیں اور بہت سی ہیں وہ عیاں ہیں اور پہلے سے اب تک مل رہی ہیں تو نے مجھ کو یہ نعمات دینے میں ہمیشہ یاد رکھا ہے جب سے تو نے مجھے پیدا کیا اور اول عمر میں مجھے بے مائیگی میں توانگری کا حصہ عنایت فرمایا

WISDOMGATEWAY.ORG

دعائے روزِ عرفہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مِنَ الْفَقْرِ وَ كَشْفِ الضُّرِّ وَ تَسْبِيبِ الْيُسْرِ وَ دَفْعِ الْعُسْرِ وَ تَفْرِيجِ الْكَرْبِ وَ الْعافِيَهِ فِى الْبَدَنِ وَ السّلامَهِ فِى الدّينِ

تنگدستی سے بچایا آسائش کے اسباب فراہم کیے اور سختی دور فرمائی مصیبت سے چھٹکارا دلایا جسمانی صحت نصیب کی اور دین و ایمان پر پوری طرح قائم رکھا

دعای روز عرفہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَلَوْ رَفَدَنی عَلی قَدْرِ ذِکْرِ نِعْمَتِكَ جَمیعُ الْعالَمینَ مِنَ الاَْوَّلینَ وَ الاْخِرینَ ما قَدَرْتُ وَ لا هُمْ عَلی ذلِكَ تَقَدَّسْتَ وَ تَعالَیْتَ مِنْ رَبٍّ كَریمٍ عَظیمٍ رَحیمٍ لا تُحْصی الاَّؤُكَ

اور اگر تیری نعمتوں کا اندازہ کرنے کیلئے دنیا جہان کے لوگ اولین اور آخرین میں سے میرا ساتھ دیں تو بھی میں اندازہ نہ کر سکوں گا اور نہ ہی وہ اندازہ کرسکیں گے تو پاکیزہ ہے اور بلند تر ہے اے پروردگار شان والا بڑائی والا رحم والا تیری مہربانیوں کا شمار نہیں

دعای روز عرفہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَ لا یُبْلَغُ ثَنآؤُ لَ وَ لا تُکافِیْ نَعْمآؤُ لَ
صَلِّ عَلی مُحَمِّدٍ وَ الِ مُحَمِّدٍ وَ اَتْمِمْ
عَلَیْنا نِعَمَلَ وَ اَسْعِدْنا بِطاعَتِلَ
سُبْحانَلَ لا اِلهَ اِلاّ اَنْتَ

تیری تعریف کا حق ادا نہیں ہو پاتا اور تیری
نعمتوں کا بدلہ نہیں دیا جاسکتا محمد(ص) و آلؑ
محمد(ص) پر رحمت نازل فرما اور ہم پر اپنی
نعمتیں پوری فرما اپنی بندگی کے ساتھ خوش
بخت بنا دے پاک تر ہے تو تیرے سوا کوئی
معبود نہیں

# دعای روز عرفه

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ تُجِيبُ الْمُضْطَرَّ وَتَكْشِفُ السُّوٓءَ وَتُغِيثُ الْمَكْرُوبَ وَتَشْفِي السَّقِيمَ وَتُغْنِي الْفَقِيرَ وَتَجْبُرُ الْكَسِيرَ وَتَرْحَمُ الصَّغِيرَ وَتُعِينُ الْكَبِيرَ

اے اللہ تو بے شک لاچار کی دعا قبول کرتا ہے برائی دور کرتا ہے مصیبت زدہ کی فریاد کو پہنچتا ہے بیمار کو صحت دیتا ہے مفلس کو مال دیتا ہے ٹوٹے ہوئے کو جوڑتا ہے چھوٹے پر رحم کرتا ہے بڑے کی مدد کرتا ہے

# دعای روز عرفہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَلَيْسَ دُونَكَ ظَهِيرٌ وَلا فَوْقَكَ قَدِيرٌ
وَاَنْتَ الْعَلِيُّ الْكَبِيرُ يا مُطْلِقَ الْمُكَبَّلِ
الأُسيرِ يا رازِقَ الطِّفْلِ الصَّغيرِ

اور تیرے سوا کوئی سہارہ دینے والا نہیں ہے
اور تجھ پر کوئی بالادست نہیں ہے تو برتر
بزرگی والا ہے اے قیدی کو پھندے سے
چھڑانے والے اے ننھے بچے کو روزی دینے
والے

دعای روز عرفہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

يا عِصمَةَ الْخآئِفِ الْمُستَجيرِ يا مَنْ لا شَريكَ لَهُ وَلا وَزيرَ صَلِّ عَلى مُحَمَّدٍ وَ الِ مُحَمَّدٍ

اے ڈرے ہوئے پناہ کے طالب کو بچانے والے اے وہ ذات جس کا کوئی ثانی نہیں نہ کوئی وزیر محمد(ص) و آل محمد(ص) پر رحمت نازل فرما

# دعای روز عرفہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَ اَعْطِنی فی هذِهِ الْعَشِیَّهِ اَفْضَلَ ما اَعْطَیْتَ وَ اَنِلْتَ اَحَداً مِنْ عِبادِكَ مِنْ نِعْمَهٍ تُولیها وَ الاءٍ تُجَدِّدُها وَ بَلِیَّهٍ تَصْرِفُها وَ كُرْبَهٍ تَكْشِفُها وَ دَعْوَهٍ تَسْمَعُها وَ حَسَنَهٍ تَتَقَبَّلُها

اور آج کی شب مجھے اس سے بہتر دے جو تو نے کسی کو دیا ہے اور اپنے بندوں میں سے کسی کو کوئی نعمت عطا فرمائی اور جو مہربانیاں کسی پر کی ہیں اور جو سختی دور کی ہے جو مصیبت ہٹائی ہے جو دعا تو نے سنی ہے جو نیکی قبول کی ہے

دعای روز عرفہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَ سَیِّئَۃٍ تَتَغَمَّدُھا اِنَّکَ لَطیفٌ بِما تَشاءُ خَبیرٌ وَ عَلی کُلِّ شَیْءٍ قَدیرٌ اَللّٰھُمَّ اِنَّکَ اَقْرَبُ مَنْ دُعِیَ وَ اَسْرَعُ مَنْ اَجابَ وَ اَکْرَمُ مَنْ عَفی وَ اَوْسَعُ مَنْ اَعْطی

اور جو برائی معاف کی ہے بے شک جس پر چاہے تو لطف کرتا ہے اور خبر رکھتا ہے اور ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے اے اللہ بے شک تو قریب تر ہے جسے پکارا جاتا ہے تو تیز تر ہے جو قبول کرتا ہے معاف کرنے والوں میں بہترین عطا کرنے والوں میں زیادہ عطا والا

WISDOMGATEWAY.ORG

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَاَسْمَعُ مَنْ سُئِلَ یارَحمنَ الدُّنیا وَالاٰخِرَہِ وَرحیمَهُما لَیْسَ کَمِثْلِکَ مَسْئُولٌ وَلا سِواکَ مَاْمُولٌ دَعَوْتُکَ

اور سوالی کی بہت سننے والا اے دنیا و آخرت میں رحم کرنے والے اور دونوں جگہ پر مہربان کوئی تیرے جیسا نہیں جس سے سوال کیا جائے اور سوائے تیرے کوئی نہیں جس پر امید رکھی جائے میں نے دعا کی تو نے قبول کی میں نے مانگا

# دعای روز عرفہ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

فَاَجَبۡتَنِی وَ سَئَلۡتُكَ فَاَعۡطَیۡتَنِی وَ رَغِبۡتُ اِلَیۡكَ فَرَحِمۡتَنِی وَ وَثِقۡتُ بِكَ فَنَجِّیۡتَنِی وَ فَزِعۡتُ اِلَیۡكَ فَكَفَیۡتَنِی

پس تو نے عطا کیا میں نے تیری طرف توجہ کی پس تو نے رحمت فرمائی تیرا سہارا لیا پس تو نے نجات دی میں تجھ سے ڈرا تو نے میری مدد فرمائی

دعای روز عرفه

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَللّٰهُمَّ فَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُولِكَ وَنَبِيِّكَ وَعَلٰى آلِهِ الطَّيِّبِينَ الطّاهِرِينَ اَجْمَعِينَ وَتَمِّمْ لَنا نَعْماۤئَكَ وَهَنِّئْنا عَطاۤئَكَ

اے اللہ حضرت محمد(ص) پر رحمت فرما جو تیرے بندے تیرے رسول(ص) اور تیرے نبی(ص) ہیں اور انکی آل پر جو سب کے سب بے عیب اور پاک تر ہیں اور ہم پر اپنی نعمتیں پوری کر اور ہم پر خوشگوار عطائیں فرما

# دعائے روز عرفہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَ اكْتُبْنا لَكَ شاكِرينَ وَ لِآلائِكَ ذاكِرينَ
امينَ امينَ رَبِّ الْعالَمينَ اَللّٰهُمَّ يا مَنْ
مَلَكَ فَقَدَرَ وَ قَدَرَ فَقَهَرَ وَ عُصِىَ فَسَتَرَ
وَ اسْتُغْفِرَ فَغَفَرَ

ہمیں اپنے شکر گزاروں میں رکھ دے اور اپنے احسانوں کا ذکر کرنے والوں میں رکھ ایسا ہی ہو ایسا ہی ہو اے جہانوں کے پروردگار اے اللہ اے وہ مالک جو باقدرت ہے اے با قدرت جو غالب ہے اے وہ جو نافرمانی کو ڈھانپتا ہے اور بخشش چاہنے پر بخشتا ہے

# دعای روز عرفه

بسم الله الرحمن الرحیم

يا غايَةَ الطّالِبينَ الرّاغِبينَ وَ مُنْتَهى اَمَلِ الرّاجينَ يا مَنْ اَحاطَ بِكُلِّ شَىْءٍ عِلْماً وَ وَسِعَ الْمُسْتَقيلينَ رَاْفَةً وَرَحْمَةً وَحِلْماً

اے طلبگاروں توجہ کرنے والوں کی امید گاہ اور آرزومندوں کے مقام آرزو اے وہ کہ جس کا علم ہر چیز کو گھیرے ہوئے ہے اور توبہ کرنے والوں کے لئے محبت و مہربانی اور ملائمت سے جس کا دامن وسیع ہے

دعای روز عرفه

بسم الله الرحمن الرحیم

اَللّٰهُمَّ اِنّا نَتَوَجَّهُ اِلَیْكَ فی هٰذِهِ الْعَشِیَّهِ
الَّتی شَرَّفْتَها وَ عَظَّمْتَها بِمُحَمَّدٍ نَبِیِّكَ
وَ رَسُولِكَ وَ خِیَرَتِكَ مِنْ خَلْقِكَ
وَ اَمینِكَ عَلی وَحْیِكَ الْبَشیرِ النَّذیرِ

اے اللہ ہم نے توجہ کی ہے تیری طرف آج
کی رات میں جسے تو نے بزرگی اور بڑائی دی
حضرت محمد(ص) کے ذریعے جو تیرے
نبی(ص) تیرے رسول(ص) اور مخلوقات میں
سے تیرے چنے ہوئے تیری وحی کے امانتدار
بشارت دینے والے

# دعای روز عرفہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

السِّراجِ الْمُنيرِ الَّذى اَنْعَمْتَ بِهِ عَلَى الْمُسْلِمينَ وَ جَعَلْتَهُ رَحْمَةً لِلْعالَمينَ اَللّٰهُمَّ فَصَلِّ عَلى مُحَمَّدٍ وَ الِ مُحَمَّدٍ كَما مُحَمَّدٌ اَهْلٌ لِذلِكَ مِنْكَ

ڈرانے والے روشن چراغ ہیں جن کے وجود کو تو نے مسلمانوں کیلئے نعمت بنایا اور ان کو سارے جہانوں کے لئے رحمت قرار دیا اے اللہ محمد (ص) پر رحمت نازل فرما اور ان کی آل پر جیسا کہ حضرت محمد (ص) تیری طرف سے اس کے لائق ہیں

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

يَا عَظِيمُ فَصَلِّ عَلَيْهِ وَعَلَى الِهِ
الْمُنْتَجَبِينَ الطَّيِّبِينَ الطَّاهِرِينَ
اَجْمَعِينَ وَ تَغَمَّدْنَا بِعَفْوِكَ عَنَّا فَاِلَيْكَ
عَجَّتِ الْاَصْوَاتُ بِصُنُوفِ اللُّغَاتِ

اے بزرگتر ان پر اور ان کی آلؑ پر رحمت
نازل کر جو سب کے سب بلند تر نیک نہاد
اور پاک ہیں اور ہمیں معافی دیکر ہماری پردہ
پوشی کر کیونکہ تیرے حضور فریادیں ہو رہی
ہیں ہر ہر ویس کی زبان میں

دعائے روزِ عرفہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فَاجْعَلْ لَنَا اَللّٰهُمَّ فِی هٰذِهِ الْعَشِيَّةِ نَصِيباً مِنْ كُلِّ خَيْرٍ تَقْسِمُهُ بَيْنَ عِبادِكَ وَنُورٍ تَهْدِی بِهِ

پس اے اللہ آج کی رات میں ہر نیکی میں سے حصہ قرار دے ہمارے لئے جو تو نے اپنے بندوں کے درمیان تقسیم کی نور میں جس سے ہدایت فرمائی

دعای روز عرفہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَرَحْمَةٍ تَنْشُرُهَا وَبَرَكَةٍ تُنْزِلُهَا وَعَافِيَةٍ تُجَلِّلُهَا وَرِزْقٍ تَبْسُطُهُ يَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِينَ

رحمت میں جو عام کی برکت میں جو تو نے نازل کی عافیت کے لباس میں جو تو نے پہنایا رزق میں جو وسیع کیا اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے

بِسمِ اللہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیم

اَللّٰھُمَّ اَقْلِبْنا فی ھذَا الْوَقْتِ مُنْجِحینَ مُفْلِحینَ مَبْرُورینَ غانِمینَ وَلا تَجْعَلْنا مِنَ الْقانِطینَ وَلا تُخْلِنا مِنْ رَحْمَتِكَ وَلا تَحْرِمْنا مانُؤَمِّلُهُ مِنْ فَضْلِكَ وَلا تَجْعَلْنا مِنْ رَحْمَتِكَ مَحْرُومینَ

اے اللہ اس وقت ہمیں بدل کر بنا دے کامیاب ہونے والے فلاح پانے والے پسندیدہ عمل والے اور نفع اٹھانے والے اور ہمیں مایوس ہونے والوں میں قرار نہ دے ہمیں اپنی رحمت سے دور نہ کر ہمیں اس چیز میں سے محروم نہ فرما

دعای روز عرفہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَ لا لِفَضْلِ ما نُؤَمِّلُهُ مِنْ عَطا ئِلَ قانِطينَ وَ لا تَرُدَّنا خائِبينَ وَ لا مِنْ بابِلَ مَطْرُودينَ يا اَجْوَدَ الاَجْوَدينَ

جس کی تیرے فضل میں سے امید کریں اور ہم کو اپنی رحمت سے محروم و خالی قرار نہ دے تیری عطا میں سے جس عنایت کی امید کریں اس سے مایوس نہ فرما ہمیں ناکام کر کے نہ پلٹا اور اپنی بارگاہ سے دھتکارے ہوئے قرار نہ دے اے بہت عطاوالوں میں بڑی عطا والے

# دعای روز عرفہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَ اَکْرَمَ الْاَکْرَمِینَ اِلَیْکَ اَقْبَلْنا مُوقِنِینَ وَلِبَیْتِکَ الْحَرامِ آمِّینَ قاصِدِینَ فَاَعِنّا عَلی مَناسِکِنا وَاَکْمِلْ لَنا حَجَّنا

اور عزت داروں میں بڑی عزت والے ہم تیری درگاہ میں لوٹ کے آئے ہیں معتقد بن کر ہم تیرے محترم گھر کعبہ میں پکار کرتے ہوئے آئے ہیں پس اعمال حج میں ہماری مدد فرما اور ہمارا حج مکمل کرادے

دعای روز عرفه

بسم الله الرحمن الرحیم

وَ اعْفُ عَنّا وَ عافِنا فَقَدْ مَدَدْنا اِلَیْکَ
اَیْدِیَنا فَهِیَ بِذِلَّةِ الاِعْتِرافِ مَوْسُومَةٌ
اَللّهُمَّ فَاَعْطِنا فی هذِهِ الْعَشِیَّةِ ما
سَئَلْناکَ

ہمیں معاف فرما پناہ دے کہ ہم نے اپنے
ہاتھ تیرے آگے پھیلائے ہیں کہ جن پر
گناہوں کے اقرار و اعتراف کے نشان ہیں
اے اللہ پس ہمیں آج کی رات میں جو ہم
نے تجھ سے مانگا عطا فرما

دُعائے روزِ عرفہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَ اكْفِنا مَا اسْتَكْفَيْناكَ فَلا كافِيَ لَنا سِواكَ وَلا رَبَّ لَنا غَيْرُكَ نافِذٌ فينا حُكْمُكَ مُحيطٌ بِنا عِلْمُكَ عَدْلٌ فينا قَضاؤُكَ اِقْضِ لَنَا الْخَيْرَ

تمام کاموں میں ہماری مدد کر کہ تیرے سوا کوئی ہماری کفایت کرنے والا نہیں اور سوائے تیرے کوئی ہمارا رب نہیں کہ تیرا حکم ہی ہم پر جاری ہے تیرا علم ہمیں گھیرے ہوئے ہے ہمارے لئے تیرا فیصلہ درست ہے ہمارے لئے اچھا فیصلہ کر

# دعای روز عرفہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَ اجْعَلْنا مِنْ اَهْلِ الْخَيْرِ اَللّٰهُمَّ اَوْجِبْ لَنا بِجُودِكَ عَظيمَ الاَجْرِ وَ كَريمَ الذُّخْرِ وَدَوامَ الْيُسْرِ وَاغْفِرْ لَنا ذُنُوبَنا اَجْمَعينَ

اور ہمیں نیکوکاروں میں سے قرار دے اے اللہ ہمارے لئے اپنی عطا سے بہت بڑا اجر بہترین ذخیرہ اور ہمیشہ کی آسائش واجب کردے ہمارے سارے کے سارے گناہ بخش دے

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَ لا تُهْلِكْنا مَعَ الْهالِكينَ وَ لا تَصْرِفْ عَنّا رَاْفَتَكَ وَ رَحْمَتَكَ يا اَرْحَمَ الرّاحِمينَ

اور ہمیں تباہ ہونے والوں کے ساتھ تباہ نہ کر اور اپنی مہربانی اور رحمت ہم سے دور نہ فرما اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے

دعائے روزِ عرفہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنا فی ھذَا الْوَقْتِ مِمَّنْ
سَئَلَکَ فَاَعْطَیْتَہُ وَشَکَرَکَ فَزِدْتَہُ
وَتابَ اِلَیْکَ فَقَبِلْتَہُ وَتَنَصَّلَ اِلَیْکَ مِنْ
ذُنُوبِہِ کُلِّھا فَغَفَرْتَھا لَہُ

اے اللہ اس وقت ہمیں ان لوگوں میں
قرار دے جنھوں نے تجھ سے مانگا تو نے عطا
کیا جنھوں نے شکر کیا تو نے زیادہ دیا تیری
طرف پلٹے تو نے انہیں قبول کیا اپنے گناہوں
کے ساتھ تیری طرف آئے تو ان کے سبھی
گناہ معاف کردیئے

WISDOMGATEWAY.ORG

دعائے روز عرفہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَللّٰھُمَّ وَ نَقِّنا وَ سَدِّدْنا وَ اقْبَلْ تَضَرُّعَنا یا خَیْرَ مَنْ سُئِلَ وَ یا اَرْحَمَ مَنِ اسْتُرْحِمَ یا مَنْ لا یَخْفی عَلَیْہِ اِغْماضُ الْجُفُونِ

اے جلالت و عزت کے مالک اے اللہ ہمیں پاک کر ہماری رہنمائی فرما اور ہماری زاری قبول کر اے بہترین سوال شدہ اور طلب رحمت پر زیادہ رحمت کرنے والے اے وہ جس پر پوشیدہ نہیں ہے پلک کا جھپکنا

دعائے روز عرفہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَ لا لَحْظُ الْعُيُونِ وَ لا مَا اسْتَقَرَّ فِى الْمَكْنُونِ وَ لا مَا انْطَوَتْ عَلَيْهِ مُضْمَراتُ الْقُلُوبِ اَلا كُلُّ ذلِكَ قَدْ اَحْصاهُ عِلْمُكَ

نہ آنکھوں کا اشارہ نہ وہ چیز جو پردے کے نیچے ہو اور نہ وہ بات جو دلوں کے پردوں میں لپٹی ہوئی ہو ہاں ان سب کو تیرے علم نے شمار کر رکھا ہے

دعای روز عرفہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَ وَسِعَهُ حِلْمُكَ سُبْحانَكَ وَ تَعالَيْتَ
عَمّا يَقُولُ الظّالِمُونَ عُلُوّاً كَبِيراً

اور تیری نرمی ان پر چھائی ہوئی ہے تو پاک تر
اور بلند تر ہے اس سے جو ناحق کہنے والے
کہتے ہیں تو بلند تر بزرگتر ہے

دعای روز عرفہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

تُسَبِّحُ لَكَ السَّمواتُ السَّبْعُ
وَ الاَرَضُونَ وَ مَنْ فيهِنَّ وَاِنْ مِنْ شَیْءٍ
اِلاّ يُسَبِّحُ بِحَمْدِكَ

تیری پاکیزگی بیان کرتے ہیں ساتوں آسمان اور
ساتوں زمینیں اور جو کچھ ان میں ہے نہیں
کوئی چیز موجود ہے مگر وہ تیری حمد کر رہی ہے

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فَلَکَ الْحَمْدُ وَالْمَجْدُ وَعُلُوُّ الْجَدِّ یٰا
ذَاالْجَلالِ وَالاِْکْرامِ وَالْفَضْلِ وَالاِْنْعامِ
وَالاَْیادِی الْجِسامِ وَاَنْتَ الْجَوادُ
الْکَریمُ الرَّؤُوفُ الرَّحیمُ

پس حمد تیرے لئے ہے اے بزرگی بلند شان
اے جلالت و عزت کے مالک فضل کرنے
والے نعمت دینے والے بڑی بڑی عطائیں
کرنے والے اور تو بخشش کرنے والا کرم
کرنے والا نرمی کرنے والا مہربان ہے

دعای روز عرفہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَللّٰھُمَّ اَوْسِعْ عَلَیَّ مِنْ رِزْقِكَ الْحَلالِ وَعافِنی فی بَدَنی وَدینی وَامِنْ خَوْفی وَاَعْتِقْ رَقَبَتی مِنَ النّارِ

اے اللہ میرے لئے اپنا رزق حلال وسیع فرما میرے بدن اور میرے دین کی حفاظت فرما مجھے خوف سے بچا اور میری گردن کو جہنم کی آگ سے آزاد کردے

# دعای روز عرفہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَللّٰھُمَّ لا تَمْکُرْ بی وَلا تَسْتَدْرِجْنی وَلا تَخْدَعْنی وَادْرَءْ عَنّی شَرَّ فَسَقَهِ الْجِنِّ وَالاِنْسِ

اے اللہ مجھے غلط فہمی میں نہ ڈال دھوکے میں نہ رکھ مجھے فریب نہ کھانے دے اور نابکار جنّوں اور انسانوں کو مجھ سے دور کر دے۔

پھر آپ نے اپنے سر اور انکھوں کو آسمان کیطرف بلند کیا جبکہ آپ کی انکھوں سے آنسوں رواں تھے اور آپ باآواز بلند عرض کر رہے تھے

# دعائے روزِ عرفہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

يا اَسْمَعَ السّامِعينَ يا اَبْصَرَ النّاظِرينَ وَيا اَسْرَعَ الْحاسِبينَ وَيا اَرْحَمَ الرّاحِمينَ صَلِّ عَلى مُحَمَّدٍ وَ الِ مُحَمَّدٍ السّادَةِ الْمَيامينِ

اے سب سے زیادہ سننے والے اور اے سب سے زیادہ دیکھنے والے، اے سب سے تیز تر حساب کرنے والے اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے محمد و آل محمدؐ پر رحمت نازل فرما جو برکت والے سردار ہیں

# دعای روز عرفہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَ اَسْئَلُكَ اَللّٰهُمَّ حاجَتِیَ الَّتی اِنْ اَعْطَیْتَنیها لَمْ یَضُرَّنی ما مَنَعْتَنی وَاِنْ مَنَعْتَنیها لَمْ یَنْفَعْنی ما اَعْطَیْتَنی اَسْئَلُكَ فَكاكَ رَقَبَتی مِنَ النّارِ

اور میں تجھ سے سوال کرتا ہوں اے اللہ اپنی اس حاجت کا کہ اگر تو وہ عطا کردے تو جو کچھ تو نے نہیں دیا اس سے مجھے نقصان نہیں اور اگر تو وہ عطا نہ کرے تو جو تو نے دیا اس سے مجھے کوئی نفع نہیں، سوال کرتا ہوں کہ میری گردن جہنم سے آزاد کردے۔

# دعائے روزِ عرفہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ وَحْدَكَ لَا شَرِيكَ لَكَ لَكَ الْمُلْكُ وَلَكَ الْحَمْدُ

تیرے سوا کوئی معبود نہیں، تو یکتا ہے، تیرا کوئی شریک نہیں، تیرے لئے حکومت، تیرے لئے حمد ہے

# دعای روز عرفہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَاَنْتَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ یَارَبِّ یَارَبِّ یَارَبِّ

اور تو ہر ایک چیز پر قدرت رکھتا ہے۔ اے میرے رب، اے میرے رب، اے میرے رب۔

امامؑ مسلسل «یا ربّ» کہتے جارہے تھے اور آپؑ کے ارد گرد موجود افراد آمین کہتے جارہے تھے۔ امامؑ کے ساتھ رونے کی آواز بلند ہوگئی یہاں تک کہ سورج غروب ہوگیا۔ پھر اپنا سامان اٹھا کر مشعرالحرام کی طرف روانہ ہوئے۔

# دعائے روز عرفہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مؤلف کا کہنا ہے کہ کفعمی نے بلد الامین میں امام حسین علیہ السلام سے دعائے عرفہ یہی تک نقل کیا ہے اور علامہ مجلسی نے زاد المعاد میں اس دعا کو کفعمی کی روایت کے مطابق نقل کیا ہے لیکن سید ابن طاوس نے کتاب اقبال میں «یارب، یارب» کے بعد اس کو بھی ذکر کیا ہے

اِلٰھی اَنَا الْفَقیرُ فی غِنایَ فَکَیْفَ لا اَکُونُ فَقیراً فی فَقْری اِلٰھی اَنَا الْجاھِلُ فی عِلْمی

میرے اللہ میں اپنی تونگری میں بھی محتاج ہوں تو اپنے فقر کی حالت میں کیوں نہ محتاج ہوں گا میرے اللہ میں علم رکھتے ہوئے بھی جاہل ہوں

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فَكَيْفَ لا اَكُونُ جَهُولاً فى جَهْلى
اِلٰهى اِنَّ اخْتِلافَ تَدْبيرِكَ وَ سُرْعَةَ
طَواءِ مَقاديرِكَ مَنَعا عِبادَكَ الْعارِفينَ
بِكَ عَنِ السُّكُونِ اِلى عَطاءٍ

تو اپنی جہالت میں کیوں نہ جاہل ہوں گا
اے اللہ بے شک تیری تدبیر کے تغیر و
تبدل اور تیری جلد وارد ہونے والی تقدیر نے
تیری معرفت رکھنے والے بندوں کو ہے تیری
عطا کی امید نہ رکھنے

دعائے روزِ عرفہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَ الْيَاْسِ مِنْكَ فِى بَلاۤءٍ اِلٰهِى مِنّى مَا يَلِيقُ بِلُؤْمِى وَ مِنْكَ مَا يَلِيقُ بِكَرَمِكَ

اور مشکل کے وقت تجھ سے مایوس ہو جانے سے روکا ہوا ہے میرے اللہ میں نے وہ کیا جو میری پستی کا تقاضہ ہے اور تو وہ کرے گا جو تیری بڑائی کے لائق ہے

# دعای روز عرفہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اِلٰهِی وَصَفْتَ نَفْسَكَ بِاللُّطْفِ وَالرَّأْفَةِ لِی قَبْلَ وُجُودِ ضَعْفِی اَفَتَمْنَعُنِی مِنْهُمَا بَعْدَ وُجُودِ ضَعْفِی اِلٰهِی اِنْ ظَهَرَتِ الْمَحَاسِنُ مِنّی فَبِفَضْلِكَ

میرے اللہ میری کمزوری سے پہلے ہی تیری ذات لطف و کرم کے اوصاف رکھتی ہے تو کیا میری کمزوری کے بعد مجھ سے تو یہ مہربانیاں روک دے گا میرے اللہ اگر مجھ سے نیکیاں ظاہر ہوئیں تو یہ تیرا فضل ہے

# دعای روز عرفہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَلَکَ الْمِنَّۃُ عَلَیَّ وَاِنْ ظَھَرَتِ
الْمَساوِی مِنّی فَبِعَدْلِکَ وَلَکَ الْحُجَّۃُ
عَلَیَّ اِلٰھی کَیْفَ تَکِلُنی وَ قَدْ تَکَفَّلْتَ لی
وَ کَیْفَ اُضامُ وَ اَنْتَ النّاصِرُ لی اَمْ

اور مجھ پر یہ تیرا احسان ہے اور اگر مجھ سے
برائیوں کا ظھور ہوا ہے تو یہ تیرا عدل ہے
اور مجھ پر تیری حجت قائم ہوگئی ہے میرے
اللہ کیسے تو مجھ کو چھوڑ دے گا جب کہ تو
میرا کفیل ہے کیونکر میں روند دیا جاؤں
جب کہ تو میرا مددگار ہے

بسم اللہ الرحمن الرحیم

كَيْفَ اَخيبُ وَ اَنْتَ الْحَفِيُّ بى ها اَنـا اَتَوَسِّلُ اِلَيْلَ بِفَقْرى اِلَيْلَ وَ كَيْفَ اَتَوَسِّلُ اِلَيْلَ بِما هُوَ مَحالٌ اَنْ يَصِلَ اِلَيْلَ اَمْ

یا کیسے بے آس ہوجاؤں جب کہ تو مجھ پر مہربان ہے اب میں تیری درگاہ میں اپنے فقر کے ساتھ آیا ہوں اور کسطرح تجھے اپنا وسیلہ بناؤں جب کہ یہ ناممکن ہے کہ کوئی تجھ تک پہنچ پائے

# دعای روز عرفہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

كَيْفَ اَشْكُوْ اِلَيْكَ حالى وَهُوَ لا يَخْفى عَلَيْكَ اَمْ كَيْفَ اُتَرْجِمُ بِمَقالى وَهُوَ مِنَكَ بَرَزٌ اِلَيْكَ

یا کیونکر تجھ سے اپنے حالات کی شکایت کروں جب کہ وہ تجھ سے پوشیدہ نہیں ہیں یا کسطرح اپنی زبان سے ان کی تشریح کروں جب کہ وہ تیری طرف سے اور تجھ پر عیاں ہیں

دعای روزِ عرفہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَمْ كَيْفَ تُخَيِّبُ امالی وَهِیَ قَدْ وَفَدَتْ اِلَيْكَ اَمْ كَيْفَ لا تُحْسِنُ اَحْوالی وَبِكَ قامَتْ

یا کیونکر میری آرزوئیں ناکام رہیں گی جب کہ یہ تیرے جناب میں پیش کی جا چکی ہیں یا کیونکر میرے حالات بہتر نہ ہونگے جب کہ میں تیری وجہ سے قائم ہوں

دعای روز عرفہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اِلٰهی ما اَلْطَفَكَ بی مَعَ عَظیمِ جَهْلی
وَ ما اَرْحَمَكَ بی مَعَ قَبیحِ فِعْلی

میرے اللہ تیرا کتنا لطف ہے مجھ پر جبکہ
میں بڑا ہی نادان ہوں اور تو کس قدر مہربان
ہے مجھ پر جبکہ میں خطاکار ہوں

دعای روز عرفہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اِلٰهی ما اَقْرَبَكَ مِنّی وَ اَبْعَدَنی عَنْكَ
وَ ما اَرْاَفَكَ بی فَمَا الَّذی یَحْجُبُنی
عَنْكَ

میرے اللہ تو کتنا نزدیک ہے مجھ سے جبکہ
میں تجھ سے بہت دور ہوں اور کتنا مہربان
ہے تو مجھ پر پھر کس نے مجھے تجھ سے ہٹا
دیا ہے

# دعای روز عرفہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اِلٰهی عَلِمْتُ بِاخْتِلافِ الاٰثارِ وَ تَنقُّلاتِ الاَطْوارِ اَنَّ مُرادَكَ مِنّی اَنْ تَتَعَرَّفَ اِلَیَّ فی كُلِّشَیءٍ حَتّی لا اَجْهَلَكَ فی شَیءٍ

میرے اللہ دنیا کے حالات کی تبدیلیوں اور طریقوں کے تغیرات کے ذریعے میں جان گیا کہ تیری مراد یہ ہے کہ تو ہر چیز سے مجھے اپنی شناسائی کرائے تاکہ میں کسی چیز کے ضمن میں تیری قدرت سے ناواقف نہ رہوں

اِلٰھی کُلَّمٓا اَخۡرَسَنی لُؤۡمی اَنۡطَقَنی
کَرَمُکَ وَ کُلَّمٓا ایَسَتۡنی اَوۡصافی
اَطۡمَعَتۡنی مِنَنُکَ

میرے اللہ جب میری پستی مجھے گنگ کر دیتی ہے تو تیرا کرم مجھے گویا کر دیتا ہے جب بھی میرے برے اوصاف مجھے مایوس کرتے ہیں تیرے احسان مجھے حوصلہ دیتے ہیں

دعای روز عرفہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اِلٰهی مَنْ كانَتْ مَحاسِنُهُ مَساوِیَ فَكَیْفَ لا تَكُونُ مَساوِیهِ مَساوِیَ وَمَنْ كانَتْ حَقایِقُهُ دَعاوِیَ فَكَیْفَ لا تَكُونُ دَعاوِیهِ دَعاوِیَ

میرے اللہ جس شخص کی خوبیاں بھی برائیاں ہوں تو اس کی برائیاں کیوں نہ برائیاں شمار کی جائیں گی اور جس شخص کی حقیقت ہی محض کھوکھلی باتیں ہوں تو اس کی خالی خولی باتیں کیوں نہ محض باتیں تصور کی جائیں گی

# دعای روز عرفہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اِلٰهی حُکْمُکَ النّافِذُ وَ مَشِیّتُکَ الْقاهِرَهُ لَمْ یَتْرُکْ کالِذی مَقالٍ مَقالاً وَ لا لِذی حالٍ حالاً

میرے اللہ تیرا حکم جاری ہے اور تیری مرضی قاہر و غالب ہے کہ ان کے مقابل بولنے والا بول نہیں سکتا اور نہ کوئی صاحب حال کچھ کر سکتا ہے

# دعای روز عرفہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اِلٰهِى كَمْ مِنْ طاعَةٍ بَنَيْتُها وَحالَةٍ شَيَّدْتُها هَدَمَ اِعْتِمادى عَلَيْها عَدْلُكَ بَلْ اَقالَنى مِنْها فَضْلُكَ

میرے اللہ کتنی ہی بار میں نے اطاعت کرتے ہوئے عبادت کی شکل بنائی ہے مگر تیرے عدل کے خوف سے اس پر میرا بھروسہ نہ رہا بلکہ وہ تیرے فضل سے میری بخشش کا ذریعہ بنی

دعای روز عرفہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اِلٰهی اِنَّكَ تَعْلَمُ اَنّی وَاِنْ لَمْ تَدُمِ الطّاعَةُ
مِنّی فِعْلاً جَزْماً فَقَدْ دامَتْ مَحَبَّةً
وَعَزْماً

میرے اللہ بے شک تو جانتا ہے اگرچہ میں
عبادت میں مستقلاً مشغول نہیں ہوں تو بھی
تجھ سے میری محبت ہمیشہ راسخ ہے

دعای روز عرفہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اِلٰهِی کَیْفَ اَعْزِمُ وَ اَنْتَ الْقَاهِرُ وَ کَیْفَ
لَا اَعْزِمُ وَ اَنْتَ الْاٰمِرُ

میرے اللہ کس قدر بندگی کا ارادہ کروں
جب کہ تو غالب ہے اور کیونکر ارادہ نہ
کروں جب کہ تو حکم دیتا ہے

# دعائے روز عرفہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اِلٰهی تَرَدُّدی فِی الاْثارِ یُوجِبُ بُعْدَ
الْمَزارِ فَاجْمَعْنی عَلَیْكَ بِخِدْمَةٍ
تُوصِلُنی اِلَیْكَ كَیْفَ یُسْتَدَلُّ عَلَیْكَ بِما
هُوَ فی وُجُودِهِ مُفْتَقِرٌ

میرے اللہ تیری قدرت کے آثار میں غور
کرنا تیرے دیدار سے دوری کا سبب ہے پس
مجھے اپنے حضور حاضر رکھ تیری سرکار میں
پہنچ پاؤں کیونکر وہ چیز تیری طرف رہنمائی کر
سکتی ہے جو اپنے وجود ہی میں تیری
محتاج ہے

دُعائے روزِ عرفہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اِلٰہی اَیَکُونُ لِغَیْرِکَ مِنَ الظُّھُورِ ما لَیْسَ لَکَ حَتّٰی یَکُونَ ھُوَ الْمُظْھِرَ لَکَ مَتیٰ غِبْتَ حَتّٰی تَحْتاجَ اِلیٰ دَلیلٍ یَدُلُّ عَلَیْکَ

آیا تیرے غیر کیلئے ایسا ظہور ہے جو تیرے لئے نہیں ہے یہاں تک کہ وہ تجھے ظاہر کرنے والا بن جائے تو کب غائب تھا کہ کسی ایسے نشان کی حاجت ہو جو تیری دلیل ٹھہرے

دعای روز عرفہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَمتى بَعُدتَ حَتّى تكُونَ الاُثارُ هِىَ الّتى تُوصِلُ اِلَيْكَ عَمِيَتْ عَيْنٌ لاتَراكَ عَلَيْهارَقيباً وَخَسِرَتْ صَفْقَةُ عَبْدٍ لَمْ تَجْعَلْ لَهُ مِنْ حُبِّكَ نَصيباً

اور تو کب دور تھا کہ آثار اور نشان تجھ تک پہنچانے کا ذریعہ و وسیلہ بنیں اندھی ہے وہ آنکھ جو تجھ کو اپنا نگہبان نہیں پاتی اس بندے کا سودا خسارے والا ہے جس کو تو نے اپنی محبت کا حصہ نہیں دیا

# دعائے روز عرفہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اِلٰهی اَمَرْتَ بِالرُّجُوعِ اِلَی الْاٰثارِ
فَارْجِعْنی اِلَیْكَ بِكِسْوَةِ الْاَنْوارِ
وَهِدايَةِ الْاِسْتِبْصارِ حَتّی اَرْجِعَ اِلَیْكَ
مِنْها كَما دَخَلْتُ اِلَیْكَ مِنْها مَصُونَ
السِّرِّ عَنِ النَّظَرِ اِلَیْها

میرے اللہ تو نے اپنی قدرت کے آثار پر
توجہ کا حکم کیا پس مجھ کو اپنے نور کے پردوں
اور بصیرت کے راستوں کی طرف لے چل
تاکہ اس کے ذریعے تیری درگاہ میں آؤں
جس طرح انہی کے ذریعے تیری طرف راہ
پائی انہیں دیکھ کر راز حقیقت کی خبر پاؤں

WISDOMGATEWAY.ORG

دعائے روز عرفہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اِلٰهِی هٰذا ذُلّی ظاهِرٌ بَیْنَ یَدَیْكَ وَهٰذا حالی لا یَخْفی عَلَیْكَ مِنْكَ اَطْلُبُ الْوُصُولَ اِلَیْكَ وَبِكَ اَسْتَدِلُّ عَلَیْكَ

میرے اللہ یہ ہے میری پستی جو تیرے آگے عیاں ہے اور یہ ہے میری بری حالت جو تجھ سے پوشیدہ نہیں میں تیری بارگاہ میں پہنچنا چاہتا ہوں اور تجھ پر تجھی کو دلیل ٹھہراتا ہوں

# دعای روز عرفہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فَاهْدِنی بِنُورِكَ اِلَیْكَ وَ اَقِمْنی بِصِدْقِ الْعُبُودِیَّةِ بَیْنَ یَدَیْكَ اِلهی عَلِّمْنی مِنْ عِلْمِكَ الْمَخْزُونِ وَصُنّی بِسِتْرِكَ الْمَصُونِ

پس اپنے نور سے میری اپنی طرف سے رہنمائی کر اور اپنے حضور مجھے سچی بندگی پر قائم رکھ میرے اللہ مجھے اپنے پوشیدہ علوم میں سے تعلیم دے اور اپنے محکم پردے کے ساتھ میری حفاظت کر

WISDOMGATEWAY.ORG

# دعائے روز عرفہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اِلٰھی حَقِّقْنی بِحَقائِقِ اَھْلِ الْقُرْبِ
وَ اسْلُکْ بی مَسْلَکَ اَھْلِ الْجَذْبِ اِلٰھی
اَغْنِنی بِتَدْبیرِکَ لی عَنْ تَدْبیری
وَبِاخْتِیارِکَ عَنِ اخْتِیاری وَ اَوْقِفْنی
عَلی مَراکِزِ اضْطِراری

میرے اللہ مجھے اپنے اہل قرب کے حقائق
سے بہرہ ور فرما اور ان کی راہ پر ڈال جو
تیری طرف کھنچتے چلے جاتے ہیں میرے اللہ
اپنے تدبراور پسند کے ذریعے مجھے میرے
تدبر اور پسند سے بے نیاز کردے اور پریشانی
کے عالم میں مجھے ثابت قدم رکھ

# دعای روزِ عرفہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اِلٰهِی اَخْرِجْنِی مِنْ ذُلِّ نَفْسِی
وَطَهِّرْنِی مِنْ شَكِّی وَشِرْكِی قَبْلَ
حُلُولِ رَمْسِی بِكَ اَنْتَصِرُ فَانْصُرْنِی
وَعَلَيْكَ اَتَوَكَّلُ فَلاَ تَكِلْنِی وَاِيَّاكَ اَسْئَلُ
فَلاَ تُخَيِّبْنِی

میرے معبود مجھے میرے نفس کی پستی سے
نکال لے مجھے شک اور شرک سے پاک
کردے قبل اسکے کہ میں قبر میں جاؤں،
تجھ سے مدد چاہتا ہوں میری مدد فرما تجھ پر
بھروسہ کرتا ہوں پس مجھے چھوڑ نہ دے تجھ
سے مانگتا ہوں پس ناامید نہ کر

# دعائے روزِ عرفہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَفی فَضْلِكَ اَرْغَبُ فَلاتَحْرِمْنی وَبِجَنابِكَ اَنْتَسِبُ فَلاتُبْعِدْنی وَبِبابِكَ اَقِفُ فَلاتَطْرُدْنی

تیرے فضل کی آس لگائی ہے پس مجھے محروم نہ کر تیری بارگاہ سے تعلق جوڑا ہے پس مجھے دور نہ فرما تیرا دروازہ کھٹکھٹاتا ہوں پس مجھے بھگا نہ دے

# دعائے روز عرفہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اِلٰھی تَقَدَّسَ رِضَاكَ اَنْ یَكُونَ لَهُ عِلَّةٌ مِنْكَ فَكَیْفَ یَكُونُ لَهُ عِلَّةٌ مِنّی اِلٰھی اَنْتَ الْغَنِیُّ بِذاتِكَ اَنْ یَصِلَ اِلَیْكَ النَّفْعُ مِنْكَ فَكَیْفَ لا تَكُونُ غَنِیّاً عَنّی

میرے اللہ تیری رضا پاک ہے ممکن نہیں اس میں تیری طرف سے نقص آئے پھر کیسے ممکن ہے کہ میں اسے نقص دار کہوں میرے اللہ تو اپنی ذات میں بے نیاز ہے اس سے کہ تجھے اپنی ذات سے نفع پہنچے کیوں کر تو مجھ سے بے نیاز نہ ہوگا

# دعائے روز عرفہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اِلٰهی اِنَّ الْقَضآءَ وَ الْقَدَرَ یُمَنّینی وَاِنَّ الْهَوی بِوَثائِقِ الشَّهْوَهِ اَسَرَنی فَکُنْ اَنْتَ النَّصیرَ لی حَتّی تَنْصُرَنی وَ تُبَصِّرَنی

میرے اللہ قضا وقدر مجھ کو آرزومند بناتی ہے اور خواہش نفس مجھے آرزوؤں کا قیدی بنا لیتی ہے پس تو میرا مددگار بن جا تاکہ کامیاب ہو جاؤں بینا ہو جاؤں

# دعای روز عرفہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَاَغْنِنى بِفَضْلِكَ حَتّى اَسْتَغْنِىَ بِكَ عَنْ طَلَبى اَنْتَ الَّذى اَشْرَقْتَ الاَنْوارَ فى قُلُوبِ اَوْلِيآئِكَ حَتّى عَرَفُوكَ وَوَحَّدُوكَ

اپنے فضل سے مجھ کو بے نیاز کردے تاکہ تیرے ذریعے حاجت سے بے نیاز ہو جاؤں تو وہ ہے جس نے اپنے دوستوں کے دلوں کو نور کی شعاؤں سے روشن کردیا تو انہوں نے تجھے پہچانا اور تجھے ایک مانا

دعائے روزِ عرفہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَ اَنْتَ الَّذِی اَزَلْتَ الْاَغْیارَ عَنْ قُلُوبِ اَحِبّائِلَ حَتّی لَمْ یُحِبُّوا سِوالَ وَ لَمْ یَلْجَئُوا اِلی غَیْرِلَ

اور تو وہ ہے جس نے اپنے دوستوں کے دلوں سے غیروں کو دور کردیا تو وہ سوائے تیرے کسی سے محبت نہیں رکھتے اور تیرے غیر کی پناہ نہیں لیتے

دعای روز عرفہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَنۡتَ الۡمُؤۡنِسُ لَهُمۡ حَيۡثُ اَوۡحَشَتۡهُمُ الۡعَوالِمُ وَ اَنۡتَ الَّذِى هَدَيۡتَهُمۡ حَيۡثُ اسۡتَبانَتۡ لَهُمُ الۡمَعالِمُ

جب زمانہ ان کو ہراساں کرے اس وقت تو ہی انکا ہمدم ہے اور تو وہ ہے جس نے ان کی رہنمائی کی جب وہ تیرے نشان و برھان سے دور ہوئے

# دعای روز عرفہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ماذا وَجَدَ مَنْ فَقَدَكَ وَ مَا الَّذی فَقَدَ
مَنْ وَجَدَكَ لَقَدْ خابَ مَنْ رَضِیَ دُونَكَ
بَدَلاً وَلَقَدْ خَسِرَ مَنْ بَغی عَنْكَ مُتَحَوِّلاً
كَیْفَ یُرْجی سِواكَ

اس نے کیا پایا جس نے تجھے کھویا اور اس نے
کچھ نہ کھویا جس نے تجھ کو پایا اور یقینا ناکام
ہوا جو تیری بجائے کسی اور کو پسند کرنے لگا
اور وہ گھاٹے میں پڑا جو سرکشی کیساتھ تجھ
سے پھر گیا کس طرح تیرے غیر سے امید
رکھی جا سکتی ہے

# دعای روز عرفه

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَ اَنْتَ ما قَطَعْتَ الْاِحْسانَ وَ کَیْفَ یُطْلَبُ مِنْ غَیْرِکَ وَ اَنْتَ ما بَدَّلْتَ عادَةَ الْاِمْتِنانِ یا مَنْ اَذاقَ اَحِبّآئَهُ حَلاوَةَ الْمُؤانَسَهِ

جبکہ تیرا احسان و کرم رکتا ہی نہیں اور کیونکر تیرے غیر سے سوال کیا جاسکتا ہے جبکہ تیرے فضل و احسان کرنے کی عادت میں تبدیلی نہیں آتی اور وہ جو اپنے دوستوں کو الفت کی مٹھاس چکھاتا ہے

# دعائے روزِ عرفہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فَقامُوا بَیْنَ یَدَیْہِ مُتَمَلِّقِینَ وَیا مَنْ اَلْبَسَ اَوْلِیائَہُ مَلابِسَ ھَیْبَتِہِ فَقامُوا بَیْنَ یَدَیْہِ مُسْتَغْفِرِینَ اَنْتَ الذّاکِرُ قَبْلَ الذّاکِرِینَ

پس وہ اس کے حضور تعریفیں کرتے کھڑے ہو جاتے ہیں اے وہ جو اپنے دوستوں کو اپنی ہیبت کا لباس پہناتا ہے تو وہ اسکے سامنے کھڑے ہوتے ہیں بخشش مانگتے ہوئے تو یاد کرنے والوں سے پہلے انکو یاد رکھنے والا ہے

# دعائے روز عرفہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَ اَنْتَ الْبادی بِالاِْحْسانِ قَبْلَ تَوَجُّهِ الْعابِدینَ وَ اَنْتَ الْجَوادُ بِالْعَطآءِ قَبْلَ طَلَبِ الطّالِبینَ وَ اَنْتَ الْوَهّابُ

تو احسان میں ابتدا کرنے والا ہی عبادت گزاروں کے توجہ کرنے سے پہلے تو عطا میں اضافہ کرنے والا ہے مانگنے والوں کے مانگنے سے پہلے تو بہت دینے والا ہے

دعای روزِ عرفہ

بِسمِ اللهِ الرَّحمٰنِ الرَّحیمِ

ثُمَّ لِما وَهَبْتَ لَنا مِنَ الْمُسْتَقْرِضینَ
اِلـهی اُطْلُبْنی بِرَحْمَتِكَ حَتّى اَصِلَ
اِلَیْكَ وَاجْذِبْنی بِمَنِّكَ حَتّى اُقْبِلَ عَلَیْكَ

پھر اس میں سے بطور قرض مانگتا ہے جو کچھ
تو نے ہمیں دیا ہے میرے اللہ اپنی رحمت
سے مجھ کو بلا لے تاکہ میں تیرے حضور
پہنچ سکوں مجھے اپنی طرف کھینچ لے تاکہ
تیری بارگاہ میں آسکوں

# دعائے روز عرفہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اِلٰهی اِنَّ رَجآئی لا یَنْقَطِعُ عَنْكَ وَاِنْ عَصَیْتُكَ كَما اَنَّ خَوْفی لا یُزایِلُنی وَاِنْ اَطَعْتُكَ فَقَدْ دَفَعَتْنِی الْعَوالِمُ اِلَیْكَ وَ قَدْ اَوْقَعَنی عِلْمی بِكَرَمِكَ عَلَیْكَ

میرے اللہ بے شک میری آس تجھ سے نہیں ٹوٹے گی اگرچہ میں تیری نافرمانی کروں جیسا کہ میرا خوف دور نہ ہوگا اگرچہ میں تیری اطاعت بھی کروں پس زمانے کی سختیوں نے مجھ کو تیری طرف دھکیل دیا اور تیری نوازش کے علم نے تیری بارگاہ میں پہنچا دیا

# دعائے روزِ عرفہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اِلٰھی کَیۡفَ اَخِیۡبُ وَ اَنۡتَ اَمَلِی اَمۡ کَیۡفَ اُھَانُ وَعَلَیۡکَ مُتَّکَلِی اِلٰـھی کَیۡفَ اَسۡتَعِزُّ وَ فِی الذِّلَّۃِ اَرۡکَزۡتَنِی اَمۡ کَیۡفَ لا اَسۡتَعِزُّ وَ اِلَیۡکَ نَسَبۡتَنِی

میرے اللہ کیونکر ناامید ہو جاؤں جب کہ تو میری آرزو ہے یا کیسے پست ہوں گا جب کہ میرا بھروسہ تجھ پر ہے میرے اللہ کیسے عزت کا دعوی کروں جب کہ اس خواری میں تو نے مجھے یاد کیا یا کیسے عزت کا دعوا نہ کروں جبکہ میری نسبت تیری طرف ہے

# دعای روز عرفہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اِلٰـهِی کَیْفَ لَا اَفْتَقِرُ وَ اَنْتَ الَّذِی فِی الْفُقَرَآءِ اَقَمْتَنِی اَمْ کَیْفَ اَفْتَقِرُ وَ اَنْتَ الَّذِی بِجُودِکَ اَغْنَیْتَنِی وَ اَنْتَ الَّذِی لَا اِلٰهَ غَیْرُکَ تَعَرَّفْتَ لِکُلِّ شَیْءٍ

میرے اللہ کیونکر فقیر نہ بنوں جب کہ تو نے مجھے فقیروں کی صف میں رکھا ہے یا کیسے میں فقیر بنوں جب کہ تو نے مجھ کو اپنی عطا سے غنی کیا ہوا ہے اور تو وہ ہے کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں تو نے ہر چیز کو اپنی پہچان کرائی

دعائے روزِ عرفہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فَما جَهِلَكَ شَىْءٌ وَاَنْتَ الَّذى تَعَرَّفْتَ اِلَىَّ فى كُلِّ شَىْءٍ فَرَاَيْتُكَ ظاهِراً فى كُلِّ شَىْءٍ وَاَنْتَ الظّاهِرُ لِكُلِّ شَىْءٍ

پس کوئی چیز نہیں جو تجھے پہچانتی نہ ہو اور تو وہ ہے جس نے ہر چیز کے ذریعے مجھے اپنی معرفت کرائی پس میں نے تجھے ہر چیز میں عیاں و نمایاں دیکھا اور تو ہر چیز پر ظاہر و آشکار ہے

دعای روز عرفہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

يَا مَنِ اسْتَوىٰ بِرَحْمانِيَّتِهِ فَصارَ الْعَرْشُ غَيْباً في ذاتِهِ مَحَقْتَ الْآثارَ بِالْآثارِ وَ مَحَوْتَ الْأَغْيارَ بِمُحيطاتِ اَفْلاكِ الْاَنْوارِ

اے وہ جو اپنی رحمت عامہ کیساتھ قائم ہے کہ عرش اس کی ذات میں نہاں ہو گیا ہے تو نے اپنی نشانیوں سے دیگر نشانیوں کو مٹا دیا تو نے اپنے غیروں کو نورانی آسمانوں کے حلقوں میں نابود کردیا

# دعای روز عرفہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یا مَنِ احْتَجَبَ فی سُرادِقاتِ عَرْشِهِ عَنْ اَنْ تُدْرِکَهُ الاَبْصارُ یا مَنْ تَجَلّی بِکَمالِ بَهآئِهِ فَتَحَقَّقَتْ عَظَمَتُهُ الاِسْتِوآءَ کَیْفَ تَخْفی وَ اَنْتَ الظّاهِرُ

اے وہ جو اپنے عرش کی چلمنوں میں پنہاں ہو گیا دیکھتی آنکھیں اسے دیکھ نہیں پاتیں اے وہ جس نے اپنے نور کامل کا جلوہ دکھایا تو اس کی عظمت قائم و برقرار ہو گئی کیونکر پوشیدہ ہے تو جب کہ آشکار ہے

دعای روز عرفہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَمْ کَیْفَ تَغیبُ وَ اَنْتَ الرَّقیبُ الْحاضِرُ اِنَّکَ عَلی کُلِّشَیْءٍ قَدیرٌ وَ الْحَمْدُ اللهِ وَحْدَهُ

یا کیسے تو پنہاں ہے جبکہ تو نگہبان اور حاضر ہے بے شک تو ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے اور اللہ کیلئے حمد ہے جو یکتا ہے

التماس دعا